آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز ہفتہ 16 جنوری 2021ء بمطابق یکم جمادی الثانی 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 16

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00
اہل تشیع فجر صبح	05:45
اہل تشیع ظہرین	12:30
اہل تشیع مغربین	6:15

بلوچستان اسمبلی اجلاس

سانحہ مچھ کیخلاف قرارداد منظور کرلی گئی

دو دہائیوں سے ہم پر ظلم و بربریت کے پہاڑ توڑے گئے ہیں ہمارا معاشی قتل عام، تعلیم کے دروازے بند اور ہمارے سماجی رابطے منقطع کردیے گئے ہیں' عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے

3 جنوری کی درمیانی شب گیشتری کے مقام پر انسانی تاریخ کا اندوہناک واقعہ پیش آیا جس میں ہزارہ قبیلے سے تعلق رکھنے والے دس مزدوروں کو بے دردی سے قتل بلکہ ذبح کرکے شہید کیا گیا

قرارداد کے محرک اور اپوزیشن اراکین نے سانحہ مچھ سمیت دیگر بدامنی کے واقعات سے متعلق جوڈیشل کمیشن قائم کرنے کا مطالبہ کردیا' واقعہ پوری دنیا میں اپنی نوعیت کا دردناک واقعہ ہے جس کی مذمت کے لئے ہمارے پاس الفاظ نہیں ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی میں سانحہ مچھ سے متعلق قرارداد منظور، قرارداد کے محرک اور اپوزیشن اراکین نے سانحہ مچھ سمیت دیگر بدامنی کے واقعات سے متعلق جوڈیشل کمیشن قائم کرنے کا مطالبہ کردیا۔ گزشتہ روز بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک گھنٹہ 45 منٹ کی تاخیر سے سپیکر میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے رکن قادر علی نائل نے مچھ کے علاقے گیشتری میں ہزارہ برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کی شہادت کے حوالے سے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ 2 اور 3 جنوری کی درمیانی شب گیشتری کے مقام پر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان گرین بس پروجیکٹ پر پیش رفت اور کوچوں میں ٹریکر سسٹم نصب کرنے سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے

شہریوں کو جدید سفری سہولیات کے لیے خاص طور پر گرین بس پروجیکٹ اہمیت کا حامل ہے اور اس کے پہلے مرحلے میں خواتین کے لیے دو بسیں چلائی جائیں گی جب کہ کل آٹھ بسیں گرین منصوبے کے تحت شہر میں چلائی جائیں گی

بسوں کی سیفٹی سیکورٹی اور ان کی لوکیشن کے ساتھ ساتھ بسوں کی سپیڈ کو کنٹرول کرنے کی تمام معلومات حاصل ہوں گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کوئٹہ گرین بس منصوبے کے ٹینڈرز کا عمل مکمل کیا جاچکا ہے

عوام کو بہتر اور محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے' بہت جلد کراچی اور کوئٹہ کے درمیان چلنے والی 316 کوچز میں جدید ٹریکنگ سسٹم کی تنصیب عمل میں آئے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (ٹی ٹی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت گرین بس منصوبے اور کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر چلنے والی کوچوں میں ٹریکنگ سسٹم کی تنصیب کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں گرین بس منصوبے پر پیش رفت اور کوئٹہ سے کراچی چلنے والی بسوں میں جدید ٹریکنگ سسٹم لگانے کا جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکریٹری بلوچستان کیپٹن (ریٹائرڈ) شعیل اصغر، ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی و ترقیات عبدالصبور کاکڑ، ایڈیشنل سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ یار بلوچ، سیکرٹری خزانہ پرنسپل خان بلیدی، سیکریٹری ٹرانسپورٹ بشیر احمد بنگلزئی، ڈائریکٹر تعلقات عامہ محمد نور گھیتر ان و دیگر متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ جام کمال خان نے کہا کہ عوام کو بہتر اور محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کورونا سے مزید 45 افراد جاں بحق، 2 ہزار سے زائد مثبت کیسز رپورٹ

نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 40 ہزار 359 کورونا ٹیسٹ کیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں کورونا وائرس سے ایک دن میں 45 افراد جاں بحق اور 2 ہزار سے زائد مثبت کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 40 ہزار 359

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

صدر مملکت سے میکسیکو میں پاکستان کے نامزد سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

نامزد سفیر میکسیکو کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری، ثقافت، سیاحت اور تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے کے لئے کوششیں کریں، عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے میکسیکو میں پاکستان کے نامزد سفیر ڈاکٹر امان رشید نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ نامزد سفیر میکسیکو کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری، ثقافت، سیاحت

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

گردشی قرضہ جلد ختم نہیں ہوگا، عمر ایوب کو کسی نے بریفنگ دی اس سائنسدان کا پوچھوں گا' اسد عمر

22 کروڑ عوام کو کورونا ویکسین لگانے کی ضرورت نہیں، 60 فیصد آبادی کو ضرورت پڑی تو وفاقی وزیر پوچھوں گا کہ وہ سائنسدان کون تھا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ گردشی قرضہ جلد ختم نہیں ہوگا، عمر ایوب کو کسی نے غلط بریفنگ دی ہے، میں ان سے ضرور

لاہور؛ وزیراعظم عمران خان کو نئے لیبر ایکسچینج رجیم پر بریفنگ دی جارہی ہے

ملائیشیا میں پاکستانی ہائی کمیشن متعلقہ حکام اور پی آئی اے سے رابطے میں ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ ملائیشیا میں پاکستانی ہائی کمیشن متعلقہ حکام اور پی آئی اے سے رابطے میں ہے۔ ترجمان زاہد حفیظ چوہدری کے مطابق معاملے کو جلد از جلد حل کرنے کی کوشش کررہے ہیں، مسافروں کا مکمل خیال رکھا جارہا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ مسافروں کو متبادل ذریعے سے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

عوامی مینڈیٹ کے حکومت کے طرح کے ہونے چاہئے اپوزیشن جماعتوں کے تمام کارتوس ختم ہوگئے ہیں' رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما، سابق رکن قومی اسمبلی ثمینہ خان نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ماضی کی حکومتوں کے مقابلے میں موجودہ صوبائی حکومت نے ریکارڈ قائم کرکے ثابت کردیا ہے کہ عوامی مینڈیٹ کے حکومت کے طرح کے ہونے چاہئے اپوزیشن جماعتوں کے تمام کارتوس ختم ہوگئے ہیں عوام کو

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

لاہور؛ وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

جب پولیس بڑے جرائم پیشہ افراد کو قانون کی گرفت میں لائے گی تو چھوٹے جرائم پیشہ عناصر کے لئے یہ سبق ہوگا' عمران خان

پنجاب پولیس کا امیج بہتر کرنے کی ضرورت ہے، اس کے لیے بہت محنت کرنا پڑے گی' وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس

آئی جی نے وزیراعظم کو پنجاب پولیس کی کارکردگی میں بہتری لانے کے لیے کی جانے والی اصلاحات اور اقدامات پر بریفنگ دی

لاہور (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ماضی میں پولیس میں سیاسی بھرتیاں کی گئیں جس کا نقصان لوگوں کو اٹھانا پڑا، کوئی قانون سے بالاتر نہیں، پولیس کسی سیاسی اثر و رسوخ کو خاطر میں نہ لائے، جب پولیس بڑے جرائم پیشہ افراد کو قانون کی گرفت میں لائے گی تو چھوٹے جرائم پیشہ عناصر کے لئے یہ سبق ہوگا۔ وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت پنجاب پولیس میں اصلاحات اور کارکردگی کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اور وزیر

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

قانون کو ہاتھ میں لیں گے تو پھر قانون حرکت میں آئیگا، شیخ رشید

براڈشیٹ پانامہ، پانامہ میں بھی کوئی جواب نہیں دے سکے تھے اور اس میں بھی جواب نہیں دے رہے، انکشافات ہوئے' وفاقی وزیر داخلہ

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے براڈشیٹ کو پانامہ نو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ پانامہ میں بھی کوئی جواب نہیں دے سکے تھے اور اس میں بھی جواب نہیں دے رہے، اس میں نئے انکشافات ہوں گے، وزیراعظم عمران خان نے واضح کیا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی پنجاب رائے طاہر کو آئی جی بلوچستان تعینات کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی پنجاب رائے طاہر کو آئی جی بلوچستان تعینات کرنے کا

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

صنعتی شہر حب میں مقامی ہوٹل کے قریب ٹریک حادثے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا ہے

حب (آن لائن) صنعتی شہر حب میں مقامی ہوٹل کے قریب ٹریک حادثے میں ایک شخص جاں بحق

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں 15 ارکان کی رخصت کی درخواست منظور کرلی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں 15 ارکان کی رخصت کی درخواست منظور کرلی گئیں

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں پولیس کو بدعنوانی سے پاک کرنے کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پولیس کو بدعنوانی سے پاک کرنے کے دعوے دھرے کے دھرے رہ

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

حکومت پیرا سے بجلی بریک ڈاؤن کی انکوائری کروائی، ہم مسترد کرتے ہیں، شیری رحمن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر شیری رحمن نے کہا ہے کہ حکومت پیرا سے بجلی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

چیئرمین نیب جسٹس جاوید اقبال پریم کورٹ کے سابق جج ہونے کے باوجود انصاف کا دہرا معیار رکھتے ہیں، شاہد خاقان عباسی

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ چیئرمین نیب جسٹس جاوید

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

جولائی 2020 سے دسمبر 2020 تک ریکارڈ 16 ارب روپے سے زائد کا ٹیکس وصول کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کی تاریخ میں سب سے زیادہ ٹیکس کلیکشن، جولائی

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

اگر کسی کی مدد نہیں کرسکتے تو مہنگائی سے پسی ہوئی عوام کے زخموں پر نمک مت چھڑکیں، روبینہ خالد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ اگر کسی کی مدد نہیں کرسکتے تو

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

حکومت پہلی سے 8 ویں تک کلاسز ایک ہفتہ تاخیر سے کھولنے کا فیصلہ

پہلی سے 8 ویں جماعت تک کے طلبہ کے لیے تعلیمی ادارے 25 جنوری کے بجائے یکم فروری سے کھولے جائیں گے، 18 جنوری کو نویں، دسویں، گیارہویں اور بارہویں جماعت کے لیے تعلیمی ادارے کھل جائیں گے

شدید بیمار مریض 570 کے قریب تھے، روز 5 اموات ہورہی تھیں اور روزانہ جو کیسز آرہے تھے وہ 600 کے قریب تھے، شہروں میں انفیکشن کی شرح کو دیکھتے ہوئے کوئی پالیسی مرتب کی جائے گی، شفقت محمود کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا ہے کہ ملک میں کورونا وائرس کے باعث بند کیے گئے تعلیمی ادارے کھولنے کے فیصلے پر نظر ثانی کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلی سے 8 ویں جماعت تک کے طلبہ کے لیے تعلیمی ادارے 25 جنوری کے بجائے یکم فروری سے کھولے جائیں گے، 18 جنوری کو نویں، دسویں، گیارہویں اور بارہویں جماعت کے لیے تعلیمی ادارے کھل جائیں گے، تعلیم کا سلسلہ امتحان کی نسبت سے دوبارہ شروع ہوجائے گا، روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ ہونے والے کیسز کم ہوکر 2 ہزار 300 تک پہنچے ہیں، ابھی بھی انفیکشن کی شرح زیادہ ہے، شدید بیمار مریض

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

تبدیلی کے نام پر مسلط نااہل حکمرانوں نے لوٹ مار مچائی ہے' فضل الرحمن

تبدیلی کے نام پر مسلط نااہل حکمرانوں نے لوٹ مار مچائی ہے، ملکی معیشت تباہ کرکے ملک کے مستقبل کو تاریک کردیا ہے

سلیکٹڈ و جابر حکمرانوں سے چھٹکارا دلانے کیلئے پی ڈی ایم تحریک آخری مراحل میں ہے' سربراہ و پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ

لورالائی (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ و پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے مرکزی صدر مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ سلیکٹڈ و جابر حکمرانوں سے چھٹکارا دلانے کیلئے پی ڈی ایم تحریک آخری مراحل میں ہے، تبدیلی کے نام پر مسلط نااہل حکمرانوں نے لوٹ مار مچائی ہے، ملکی معیشت تباہ کرکے ملک کے مستقبل کو تاریک کردیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لورالائی میں اپنے اعزاز میں دیے گئے عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ ملک کو سلیکٹڈ حکمرانوں نے تباہ و برباد کردیا ہے اور ملک اس وقت تاریکی میں ڈوبا ہوا ہے ہمیشہ تاریکی کی بعد روشنی آتی ہے عوام اور سلیکٹڈ حکمرانوں نے مہنگائی لوٹ مار کا بازار گرم کررکھا ہے ان سلیکٹڈ جابر حکمرانوں کے خاتمے کے لیے پی ڈی ایم کی تحریک آخری مراحل میں ہے انشاءاللہ سلیکٹڈ حکمرانوں کے خاتمے تک یہ تحریک جاری رہے گی پاکستان کی عوام نے پی ڈی ایم کے ہونے والے جلسوں میں بھرپور شرکت کرکے یہ ثابت کر

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

احساس کفالت پروگرام سے متعلق جعلی پیغام پھیلانے والوں کیخلاف کاروائیاں جاری ہیں، ثانیہ نشتر

پروگرام کے تحت ملک میں 63 فیصد سروے مکمل کرلیا گیا، پروگرام میں کسی بھی سیاسی ورکر کو شامل نہیں کیا جائیگا

نئے صارفین کو احساس کفالت، احساس نشوونما وسیلہ تعلیم سمیت دیگر پروگراموں میں شامل کیا جائے گا، گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) وزیراعظم کی مشیر ثانیہ نشتر نے کہا ہے کہ احساس کفالت پروگرام سے متعلق جعلی پیغام پھیلانے والوں کیخلاف کاروائیاں جاری ہیں، پروگرام کے تحت ملک میں 63 فیصد سروے مکمل کرلیا گیا، پروگرام میں کسی بھی سیاسی ورکر کو شامل نہیں کیا جائیگا، نئے صارفین کو احساس کفالت، احساس نشوونما وسیلہ تعلیم سمیت دیگر پروگراموں میں شامل کیا جائے گا۔ جمعہ کو مشیر وزیراعظم ثانیہ نشتر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری مرمت کے کاموں کے سلسلے میں 17 جنوری (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اسٹیپ ڈیم فیڈر سے دوپہر 2 بجے سے شام 6 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ 18 جنوری کو سریاب گرڈ اسٹیشن کے لیاقت

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی اجلاس

کورم پورا نہ ہونے پر اجلاس غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی

ملک دشمن عناصر کو فائدہ اٹھانے کا موقع ملتا ہے اور وہ اپنے ناپاک عزائم کے لئے یہاں افراتفری پھیلاتے ہیں

امن و امان کی صورتحال پر بحث کی اگلے اجلاس میں پھر سے امن و امان کی صورتحال پر بحث ہوتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کے ریکوزیشنڈ اجلاس میں ایجنڈے پر بحث کے دوران کورم پورا نہ ہونے پر اسپیکر نے اجلاس کو غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کردیا۔ گزشتہ روز بلوچستان اسمبلی کے خصوصی اجلاس کے ایجنڈے میں شامل امن و امان کی صورتحال، اپوزیشن کے خلاف نیب کارروائی، بوش ربا مہنگائی، بے روزگاری اور بجلی گیس کی گھمبیر صورتحال پر بحث کا آغاز کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ تہتر سال سے ہمارے معاشرے میں بے چینی پائی جاتی ہے جس سے ملک دشمن عناصر کو فائدہ اٹھانے کا موقع ملتا ہے اور وہ اپنے ناپاک عزائم کے لئے یہاں افراتفری پھیلاتے ہیں انہوں نے کہا کہ گزشتہ ڈھائی سال کے دوران ہم نے بلوچستان اسمبلی کے اس ایوان میں ہر اجلاس میں امن و امان کی صورتحال پر بحث کی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

نیب نے عدالت احکامات کو بالائے طاق رکھا ہوا ہے، بلاول بھٹو زرداری

سندھ کے فنڈز سے کٹوتیوں کے باوجود صوبائی حکومت عوام کی خدمت میں سب سے آگے ہے، عابد بھیجو اور لیاقت آرکانی سے گفتگو

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ نیب نے عدالت احکامات کو بالائے طاق رکھا ہوا ہے۔ بلاول خان بھیجو کو احتساب کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ سندھ کے فنڈز سے کٹوتیوں کے باوجود صوبائی حکومت عوام کی خدمت میں سب سے آگے ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو بلاول ہاؤس میں رکن قومی اسمبلی عابد حسین بھیجو اور رکن سندھ اسمبلی لیاقت آرکانی سے ملاقات میں کیا۔ رکن قومی اسمبلی عابد حسین بھیجو اور لیاقت

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اور پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات بشریٰ رند اسمبلی اجلاس میں گفتگو کررہے ہیں

چیک پوسٹ عوام ٹرانسپورٹروں کے محافظ بننے کے بجائے رشوت خوری بھتہ خوری کے اڈے بن چکے ہیں' نشا، بلوچ

بلوچستان اسمبلی میں کی مرتبہ بلوچستان کی قومی شاہراہ پر موجود انتظامیہ کی چیک پوسٹوں رشوت بھتہ خوری کے خلاف آواز بلند کی ہے' کیا کہا

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی معروف سیاستدان ثناء بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کی قومی شاہراہ پر قائم انتظامیہ کے چیک پوسٹ عوام ٹرانسپورٹروں کے محافظ بننے کے بجائے رشوت خوری بھتہ خوری کے اڈے بن چکے ہیں ان خیالات کا اظہار مستونگ کے علاقے میں لیویز چیک میں ٹرک ڈرائیور سے لیویز اہلکاروں کی جانب سے رشوت لینے کے موقع پر سوشل میڈیا میں اپنے پیغام میں کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں کئی مرتبہ بلوچستان کی قومی شاہراہ پر موجود انتظامیہ کی چیک پوسٹوں رشوت بھتہ خوری کے خلاف آواز بلند کی ہے مستونگ کے علاقے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد؛ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے میکسیکو کیلئے نامزد پاکستان کے سفیر ڈاکٹر امان راشد ملاقات کررہے ہیں

عوام کی صحت تحریک انصاف حکومت کی ترجیح ہے، زرتاج گل

پچھلے سال کی بانسبت تمباکو اور شوگری ڈرنکس کی پیداوار میں 28.21 فیصد اضافہ ہوا، پی پی ایس رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ماحول و موسمیاتی تبدیلی زرتاج گل نے کہا کہ تحریک انصاف عوام کے ووٹ سے منتخب ہوکر آنے والی جمہوری جماعت ہے، عوام کی صحت ہماری ترجیح ہے، دو سال قبل وفاقی کابینہ سے پاس ہونے والا اینٹی لیوی بل کن وجوہات کی بنا پر تاخیر کا شکار ہے، اس سے متعلقہ ذمہ داران سے پوچھ گچھ ہوگی، پناہ کی آواز ہر سطح پر اٹھائوں گی تاکہ عوام کی صحت کو محفوظ بنایا جاسکے۔ یہ بات وفاقی وزیر برائے ماحول و موسمیاتی تبدیلی و (پناہ) کی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

لورالائی اور نصیر آباد میں پی ڈی ایم کے جلسوں میں عوام نے بھرپور شرکت کرکے یہ ثابت کردیا ہے نورالدین کاکڑ

عوام موجودہ سلیکٹڈ اور نااہل حکمرانوں سے بے زار آچکے ہیں اور ان سے نجات چاہتے ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ کے صدر نورالدین کاکڑ نے کہا ہے کہ لورالائی اور نصیر آباد میں پی ڈی ایم کے جلسوں میں عوام نے بھرپور شرکت کرکے یہ ثابت کردیا ہے کہ عوام موجودہ سلیکٹڈ اور نااہل حکمرانوں سے بے زار آچکے ہیں اور ان سے نجات چاہتے ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی ہی وہ واحد سیاسی و جمہوری جماعت ہے جو عوام کو انکے حقوق دلانے کی جدوجہد کررہی ہے پارٹی کوئٹہ کی میں یونین کونسل کی سطح پر فعال اور منظم بنایا جائیگا۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کوہلو کے میڈیکل سینٹروں پر غیر لوکلز کی بھرتی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، ممتاز کھیتران

کوہلو (این این آئی) کوہلو کے میڈیکل سینٹروں پر غیر لوکلز کی بھرتی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اس عمل کو شفاف طریقے سے ہماری ٹیم جائزہ لے رہی ہے اولین ترجیح ہے کہ یہاں کے مقامی لوکلز کو حق ملے ان خیالات کا اظہار ڈی سی کوہلو ممتاز کھیتران نے گزشتہ روز

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

لیتوانیا کے چیک پوسٹوں پر بھتہ خوری سے متعلق تحقیقات کا حکم

کمیٹی رشوت ستانی میں ملوث مجرموں کا پتہ لگانے کے ساتھ اس میں ملوث آفیسران کی نشاندہی کریگا

مذکورہ چیک پوسٹ سے متعلق 7 دن میں انکوائری رپورٹ حکومت بلوچستان کو جمع کرائے گی

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے بلوچستان لیویز چیک پوسٹوں پر بھتہ خوری سے متعلق تحقیقات کا حکم دیدیا ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان وفاقی امور کے مطابق حکومت بلوچستان نے ڈائریکٹر جنرل لیویز فورس بلوچستان کی سربراہی میں انکوائری کمیٹی تشکیل دیدی جو بدعنوانی سے متعلق تحقیقات کرے گا، کمیٹی رشوت ستانی میں ملوث مجرموں کا پتہ لگانے کے ساتھ اس میں ملوث آفیسران کی نشاندہی کریگا، محکمہ داخلہ بلوچستان کے مطابق کمیٹی رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے مذکورہ چیک پوسٹ سے متعلق 7 دن میں انکوائری رپورٹ حکومت بلوچستان کو جمع کرائے گی بلکہ انکوائری کمیٹی

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

شاہ محمود قریشی

ن لیگ کے اندر مختلف آراء ہم ڈھکی چھپی نہیں

مقبوضہ جموں و کشمیر نوجوانوں کو بلاجواز گرفتار کیا جارہا ہے، کمیونیکیشن بلیک آؤٹ ہے، غیر جانبدار مبصرین کو مقبوضہ علاقوں تک رسائی نہیں دی جارہی

کوشش ہے افغانستان میں دیرپا قیام امن قائم ہو پاکستان نے اس پورے عمل میں مصالحانہ کردار ادا کیا ہے اور کرتا رہے گا، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بھارت میں حالات انتہائی تشویشناک ہیں، لاکھوں بھارتی فوجی کشمیریوں پر ظلم ڈھا رہے ہیں، مقبوضہ جموں و کشمیر نوجوانوں کو بلاجواز گرفتار کیا جارہا ہے، کمیونیکیشن بلیک آؤٹ ہے، غیر جانبدار مبصرین کو مقبوضہ علاقوں تک رسائی نہیں دی جارہی، بین الاقوامی میڈیا کے نمائندوں کو مقبوضہ کشمیر میں جانے کی اجازت نہیں، کوشش ہے افغانستان میں دیرپا قیام امن قائم ہو پاکستان نے اس پورے عمل میں مصالحانہ کردار ادا کیا ہے اور کرتا رہے گا، پی ڈی ایم کے اندر وقتی اختلاف سے ہم واقف ہیں، اختلافوں کے معاملے پر اندرونی اختلافات ہمارے علم میں ہیں، مسلم لیگ نون کے اندر مختلف آراء ہم سے ڈھکی چھپی نہیں۔ مقبوضہ جموں و کشمیر، بطلے میں امن و امان اور بھی سیاسی صورتحال کے حوالے سے اہم بیان میں کہا کہ پاکستان کو بہت اطمینان ہوا ہے کہ جو باتیں ہم گذشتہ دو سال سے کہتے چلے آرہے تھے آج دنیا ان کی تائید کررہی ہے، ہم عرصہ دراز سے مقبوضہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

تیل سمگلروں کے خلاف مہم کے تحت 609 پٹرول پمپ سیل کردیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کی ہدایت پر ملک میں تیل سمگلروں کے خلاف مہم کے تحت 609 پٹرول پمپ سیل کردیے گئے ہیں اور تقریباً 45 لاکھ لیٹر پیٹرول اور ڈیزل ضبط کیا گیا ہے۔ وزارت داخلہ کے زیر انتظام تیل کی اسمگلنگ کے خلاف بلاامتیاز و تفریق مہم جاری ہے جس کے واضح اور مثبت نتائج

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

نیب کیساتھ ڈیل کرنے میں کوئی صداقت نہیں، اپنے موقف کی جنگ پارلیمنٹ کے اندر اور باہر لڑتا رہوں گا، سلیم مانڈی والا

نیب کی جانب سے یہ سلسلہ چلتا رہا تو ملک میں کاروبار کرنا مشکل ہوجائیگا، نیب کو پارلیمنٹ بلانے میں کیا حرج ہے؟

موجودہ صورتحال میں پارلیمنٹ کو کردار ادا کرنا ہوگا، نیب ریفرنس سے کوئی مسئلہ نہیں، نیب کو غلطیوں سے روکا جائے، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینٹ سلیم مانڈی والا نے کہا ہے کہ نیب کیساتھ ڈیل کرنے میں کوئی صداقت نہیں، اپنے موقف کی جنگ پارلیمنٹ کے اندر اور باہر لڑتا رہوں گا، نیب کی جانب سے یہ سلسلہ چلتا رہا تو ملک میں کاروبار کرنا مشکل ہوجائیگا، نیب کو غلطیوں سے روکا جائے، ورنہ اسٹیٹ بینک، ایس ای سی پی ختم ہوجائیں گے، نیب کو پارلیمنٹ بلانے میں کیا حرج ہے؟ موجودہ صورتحال میں پارلیمنٹ کو کردار ادا کرنا ہوگا، نیب ریفرنس سے کوئی مسئلہ نہیں، جب تک نیب

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

حکومت اہم مسائل پر غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کررہی ہے، اپوزیشن جماعتیں

سانحہ مچھ پر ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی نے قرارداد منظور کرکے صرف سیاست کی وہ ہزارہ برادری کو دھوکہ دے رہے ہیں

صوبائی اسمبلی کو کوئی اہمیت حاصل نہیں اور نہ ہی حکومتی ارکان پارلیمان کو اہمیت دیتے ہیں' اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن جماعتوں نے حکومت کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اہم مسائل پر غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کررہی ہے صوبائی اسمبلی کو کوئی اہمیت حاصل نہیں اور نہ ہی حکومتی ارکان پارلیمان کو اہمیت

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔shalquetta@gmail.com

16 جنوری 2021ء

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی تحقیقات

یہ بات خوش آئند ہے کہ قومی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے براڈشیٹ معاملے کا نوٹس لیکر آڈیٹر جنرل کو تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ کمیٹی کے چیئرمین رانا تنویر نے کہا ہے کہ کب کس نے کتنے پیسے دیئے اور معاہدہ کس نے منسوخ کیا۔ مکمل کھوج لگائیں گے۔ کمیٹی نے براڈ شیٹ معاملے پر آڈیٹر جنرل اور نیب سے 19 جنوری کو رپورٹ طلب کر لی ہے۔ رانا تنویر کا تعلق اپوزیشن بینچوں سے ہے اور توقع کی جانی چاہئے کہ کمیٹی کے حکومتی اور اپوزیشن ارکان ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے قومی اہمیت کے اس معاملے پر تمام متعلقہ حقائق قوم کے سامنے لائیں گے۔ کب کس نے کتنے پیسے دیئے اور معاہدہ کس نے منسوخ کیا یہ جاننا اہم ہے۔ لیکن اس سے بھی زیادہ اہم بات یہ ہے کہ معلوم کیا جائے کہ اس معاملے کا آغاز کیوں کر ہوا۔ اور اس مسئلہ کا پرویز مشرف کے این آر او سے کا تعلق ہے۔ پاکستانی عوام توقع رکھتے ہیں کہ قومی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی اس سلسلے میں پیش قدمی نتیجہ خیز ثابت ہوگی اور براڈشیٹ اور دیگر غیر ملکی تنظیموں کی جانب سے پاکستانی شخصیات پر منی لانڈرنگ اور کرپشن کے لگائے جانے والے تمام الزامات کو غلط ثابت کیا جائیگا۔ پاکستانی حکومتوں نے پرویز مشرف کے این آر او کے بعد براڈشیٹ سے معاہدے توڑ دیا۔ کمیٹی کے سی ای او کا کہنا ہے کہ اگر پاکستانی حکومت دوبارہ معاہدہ بحال کرنا چاہے تو وہ ادا شدہ جرمانہ بھی واپس کرے گی اور شریف خاندان کے اثاثوں کے بارے میں ناقابل تردید ثبوت بھی مہیا کرے گی جو ان کے پاس موجود ہیں۔ خیال ہے کہ معاہدے کی شرائط کے مطابق حاصل ہونے والی املاک کا 20 فی صد براڈشیٹ کو دینے کے بعد بھی پاکستان کو اربوں ڈالر کی جائیدادیں واپس مل سکتی ہیں۔ کہا جا رہا ہے کہ حکومت ایک سال کے اندر لوٹی ہوئی دولت کا قابل ذکر حصہ واپس ملنے کی صورت میں براڈشیٹ کے ساتھ معاہدے کو بحال کرنے پر غور کر رہی ہے۔ شریف خاندان کے لئے پانامہ کے بعد اب براڈشیٹ کے ساتھ معاہدے کی بحالی اس کی مشکلات میں اضافہ کر سکتی ہیں۔ کرپشن کیسیز کے خلاف وزیر اعظم کا غیر منصفانہ موقف اور تحقیقات میں پیش رفت ہی نے شریف خاندان کو اپنے تحت موقف سے پیچھے ہٹنے پر مجبور کر دیا ہے۔ اور عام خیال ہے کہ سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی کے دورہ لندن کے بعد اب نواز شریف کا بیانیہ کمزور ہونا شروع ہو رہا ہے۔

ہزارہ کے مظلوم

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

ہزارہ برادری کے موجودہ قتل عام جس میں گیارہ معصوم جانوں کو بے رحمی سے ذبح کر دیا گیا پھر لواحقین کا اپنے پیاروں کی لاشوں کے ساتھ خاموش احتجاج اور وزیر اعظم کا انکار پھر یہ احتجاج کوئٹہ سے ملک کے کونے کونے میں پھیلتا چلا گیا اگر دنیا کے مہذب ترقی یافتہ ممالک کی طرح وزیر اعظم صاحب پہلے دن ہی غمزدہ لواحقین سے اظہار افسوس اور یک جہتی کے لیے چلے جاتے تو یہ احتجاجی دھرنے ملک کے چپے چپے میں نہ پھیلتے لیکن حکومتی وزرا اور مشیروں کے غلط مشوروں سے وزیر اعظم جس طرح لیٹ کرتے گئے اتنا ہی وطن عزیز کے باشعور اہل دل انسان ہزارہ والوں کے درد و دکھ اپنا دکھ محسوس کرنا شروع ہو گیا پھر جب تک دھرنے اپنے عروج پر پہنچے یہاں تک کہ ملک مفلوج ہو کر رہ گیا تو عزت مآب وزیر اعظم مجبوراً جا کر لواحقین سے ملے اس طرح متاثرین نے اپنے پیاروں کی تدفین تو کر دی لیکن یہ چھ دن جب متاثرین سردی کے برفستان میں اپنے پیاروں کی لاشیں رکھ کر دن رات لگاتار احتجاج اور انتظار کرتے رہے اس نے پاکستانی قوم کے ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے پاکستان کا شاید ہی کوئی طبقہ فکر ایسا ہو جس نے ہزارہ کا درد و دکھ مظلوم برداشت نہ کیا ہو وہیں پر یہ سوال بھی شدت سے عوامی ذہنوں میں کروٹ لیتا رہا کہ بیس سالوں سے ہزارہ برادری کا قتل عام تواتر سے جاری ہے دہشت گردوں کے لیے یہ بلوچستان کئی عشروں سے چراگاہ بن گیا دامش اور بھارتی خفتہ کی یہ آماجگاہ بن چکی ہے۔

جب پاکستان دشمن کسی قوت کو اپنا غصہ نکالنا ہوتا ہے یا پاکستان کو دھمکی دینی ہوتی ہے تو وہ ہزارہ برادری پر موت کی بارش کر دیتی ہے یہاں تک کہ بار بار ہونے والی اس بربریت سے ہزارہ برادری کے ہزاروں انسان لقمہ اجل بن چکے ہیں جب بھی دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لیے ہزارہ برادری کے لوگوں کو گاجر مولی کی طرح کاٹ دیتے ہیں تو متاثرین چند دن احتجاج کر کے حکومتی وعدہ پر کہ دوبارہ ان کی برادری کے ساتھ یہ ظلم نہیں ہوگا چپ ہو کر بیٹھ جاتے ہیں لیکن چند دن گزرنے کے بعد پھر خون کی ہولی دوبارہ کھیلی جاتی ہے بار بار سرزمین بلوچستان کو ہزارہ برادری کی مقتل گاہ بنا دیا جاتا ہے بار بار قتل و غارت سے ہزارہ برادری کا یہ زخم اب ناسور کینسر چھوڑا بن چکا ہے جس کے علاج کے لیے حقیقی کوششوں کی بجائے زبانی وعدوں سے متاثرین کو ٹرخایا جاتا ہے لہٰذا بار بار کی وعدہ خلافیاں اور جھوٹے دلاسوں کے بعد جب اس بار تنگ آ کر متاثرین نے جب اپنے مطالبات میں یہ گستاخی کر دی کہ اب ہم عام حکومتی وزرا یا مشیروں کی باتوں پر یقین نہیں کریں گے اس بار ملک کا وزیر اعظم ہمارے پاس آ کر افسوس دل جوئی کے ساتھ حقیقی ٹھوس پلان کیساتھ وعدہ کرے تاکہ آئندہ ہماری نسل کشی کا عمل رک جائے اگر یہ نسل کشی کا عمل جاری رہا تو ہماری بقا خطرے میں پڑ جائے گی جب پیاروں نے وزیر اعظم صاحب کا مطالبہ کیا تو ان کے مطالبے کو سنجیدہ لینے کی بجائے ان کو بلیک میلر قرار دے کر ان کا مذاق اڑایا گیا۔

حکومت کی طرف سے اس طرح کی غیر سنجیدگی نے اہل وطن کے دلوں کو اور چھلنی کر رکھ دیا سوشل میڈیا پر وزیر اعظم صاحب کے بیان کی مذمت میں طوفان سا آ گیا یہاں تک کے وہ حکومت کے حمایتی جو ہر ناجائز بات پر بھی سینہ ٹھونک کر سامنے آ کر حکومت اور پی ٹی آئی کی سائیڈ لیتے تھے الفاظ کی جادوگری سے حکومتی موقف کو سچ ثابت کرتے تھے اس بار عوامی ردعمل دیکھ کر ایسے حمایتی بھی منہ چھپانے پر مجبور ہو گئے یہاں تک کہ سارا ملک احتجاج کی آگ کی لپیٹ میں آ کر جھلسنے لگا تو عوام کا شدید ناراضگی کا ردعمل دیکھ کر ارباب اقتدار خواب غفلت سے جاگے وزیر اعظم صاحب نے جا کر ساتھ ہزارہ برادری سے افسوس کیا اس طرح لواحقین نے اپنے پیاروں کی تدفین کر تو دی لیکن یہاں پر ریاست اور ریاستی اداروں کے ساتھ حکومت وقت کو ہوش کے ناخن لینے کی ضرورت ہے کہ اس بار تو متاثرین نے لاشیں رکھ کر وزیر اعظم صاحب کے آنے کا مطالبہ کیا ہے اگر اس بار بھی دہشت گردی اور ہزارہ برادری کی نسل کشی کو بند نہ کیا گیا دہشت گردوں کے خاتمے ان کے نیٹ ورک کو توڑنے کے ٹھوس اقدامات نہ کئے گئے اور خدانخواستہ پھر دہشت گرد کوئی ایسی غلامانہ کاروائی کرتے ہیں تو ہزارہ برادری کا ردعمل کیا ہوگا۔

اب ارباب اقتدار کو اس مسئلے کو سنجیدہ لینا چاہیے دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے انٹیلی جینس اداروں کو متحرک کر کے دہشت گردوں کی جڑوں کو کاٹنا ہوگا لیکن ہمارے ملک کا یہ المیہ ہے کہ حکومت وقت ماضی کی حکومتوں کی طرح خاں صاحب کی حکومت بھی وطن عزیز سے نفرت تفرقہ بازی مذہبی نفرت کو ختم کرنے کی بجائے مخالفین کو دبانے ان کا پیچھا کرنے پر لگی ہوئی حکومت وقت کو حزب مخالف یا ماضی کی حکومتوں کی کرپشن کے گیت الاپنے کی بجائے اپنی ساری توجہ دہشت گردی کے خاتمے پر لگانی چاہیے اس میں کوئی شک نہیں کہ پاک فوج نے بے شمار قیمتی جوانوں افسروں کی شہادت کے بعد وطن عزیز کو دہشت گردی سے پاک کیا ہے اور پاک فوج کی شہادتوں اور عزم حوصلے سے ہی وطن عزیز میں امن چین آیا ہے لیکن اب بلوچستان میں توجہ کی ضرورت ہے جو پچھلے کئی عشروں سے صوبایت عصبیت نفرت حقوق کے متاثر ہونے کے غم میں مبتلا ہے جہاں پر عالمی دہشت گرد تنظیموں اور بھارت کو اپنی ناپاک سازشوں کے لیے لوگ مل جاتے ہیں لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کا احساس محرومی ختم کیا جائے۔

حکومت کو اجتماعی شعور کے لیے تمام مکاتب فکر کے علما کو بٹھا کر نفرت تفرقہ بازی کی آگ کو ٹھنڈا کرنا چاہیے تمام علما سے درخواست کی جائے کہ کافر کافر کی گولہ باری بند کی جائے اور پاکستان کی انٹیلی جینس اداروں کو مزید فعال کیا جائے تاکہ وہ دہشت گردوں کی جڑوں تک پہنچ کر ان کا خاتمہ کرنے میں اہم کردار ادا کریں اگر حکومت وقت مقتدر حلقوں نے اس مسئلے کو سنجیدگی سے نہ لیا تو ہزارہ برادری کے معصوم نہتے عوام تنگ آ کر عالمی دہشت گرد تنظیموں اور منافق بھارت کے جاسوسوں کے آلہ کار بن جائیں شہدا کی تدفین اور دھرنے کے ختم ہونے سے مسئلہ ختم نہیں ہوا بلکہ آنے والے دنوں میں ایسا واقعہ ظلم نہ ہو حکومت اور انٹیلی جینس اداروں کو ترنجی بنیادوں پر ایسے برق رفتار ٹھوس اقدامات اٹھانے چاہئیں کہ آئندہ ایسا کوئی ظلم بربریت کسی بھی فرقے یا طبقے پر نہ ہو ورنہ اس بار وطن عزیز کا چپے چپے دھرنے کی صورت میں جو خاموش احتجاج کی صورت میں سامنے آیا آئندہ احتجاج خاموشی کی بجائے ردعمل کے طور پر ہو شروع میں مسئلے کو ختم کرنا آسان ہوتا اگر لیٹ ہو جائیں تو قطرہ قطرہ دریا سمندر بن کر ہر چیز کو بہا کر لے جاتا ہے حکومت کو ترنجی بنیادوں پر ہزارہ برادری کے جائز مطالبات کو مان کر ان کا سدباب کرنا چاہیے۔

ہم لوگ تعلیم یافتہ ہیں۔تربیت یافتہ نہیں

عنایت میروانی

ہم لوگ تعلیم یافتہ ہے تربیت یافتہ نہیں اس معاشرے میں اکثر و بیشتر تعلیم یافتہ طبقہ اور اس کی تعلیم کو تربیت میں کمی ہونے کی وجہ سے تنقید کا نشانہ بناتا ہے۔ اور اکثر یہ تبصرہ باتیں سننے کو ملتی ہے کہ تعلیم یافتہ ہونے میں اور تربیت یافتہ ہونے میں فرق ہے۔ اور اکثر ہم لوگوں نے سنا ہے کہ تعلیم یافتہ لوگ تربیت یافتہ نہیں ہے اور وہ تعلیم کس کام کی جو انسان کی تربیت نہیں کرا سکے۔ ان اداروں میں پڑھ کر کیا کرنا ہے جب یہ تربیت نہیں کر سکتے۔ لیکن یہاں پر ایک توجہ طلب بات یہ ہے۔ کہ اسکول کالجز اور یونیورسٹی پروفیشنل ادارے ہیں۔ جہاں پر پروفیشنل تعلیم دی جاتی ہیں مثال کے طور پر ایک طالب علم جو کہ بی ایس کا لینس کر رہا ہے تو سارا دن یونیورسٹی اس کو کوسٹ اکاؤنٹنگ اور مینیجرل اکاؤنٹنگ سکھانے میں مصروف ہے۔ اور اس کہ متعلق تعلیم اور سکلز دیے جاتے ہے ایسا نہیں ہے کہ ان کو ایک بہتر انسان بنانے کے لئے تربیت دینے کے لئے کچھ پڑھایا جائے۔ پروفیشنل ادارے انسان کو پروفیشنل تعلیم اور سکلز سکھا سکتے ہے ان میں پروفیشنل عادات جیسا کہ وقت کی پابندی کرنا پیدا کر سکتے ہے لیکن انسان کو تربیت یافتہ بنانے کے لئے ان کو تربیت نہیں کرا سکتے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اگر انسان تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ تربیت یافتہ نہ ہو تو وہ ایک عمدہ اور بہترین انسان نہیں بن سکتا۔ یہاں تو اعلیٰ تعلیم تک آپ کو کوئی معاشرے کے ادب اور اخلاق کا کوئی سبق نہیں سکھائے گا کیونکہ ہمارے نظام نے صرف نمبر لینے والی مشینیں پیدا کرتی ہیں نا کہ مہذب انسان۔ ہماری اخلاقی اور ذہنی پسماندگی کا یہ حال ہے کہ ہمیں سب کچھ گھٹا کر یا سنا کر سمجھانا پڑتا ہے۔ اعلیٰ سے اعلیٰ ڈگریاں لینے والا، وکیل، اساتذہ، علماء کرام، طلباء، مزدور سب کو ہمیں بتانا پڑتا ہے کہ کرنا کیا ہے۔ بورڈ آویزاں کرنے پڑتے ہیں کہ یہاں کچرا پھینکنا منع ہے کیونکہ ہم تعلیم یافتہ ہیں تربیت یافتہ نہیں۔ ہمیں بتانا پڑتا ہے کہ سڑک کے کنارے گاڑی پارک کرنا منع ہے لیکن ہم پارک کریں گے، ہمیں بتانا پڑتا ہے تیز رفتاری اور بے جا اوورٹیکنگ سے جان لیوا حادثات ہوتے ہیں لیکن ہم سنی ان سنی کر دیں گے، ہمیں بتانا پڑتا ہے کہ والدین کو گھروں سے نکالا نہیں جاتا لیکن ہم انہیں فلاحی اداروں کے حوالے کریں گے، ہمیں بتانا پڑتا ہے کہ سڑک کے کناروں اور فٹ پاتھ پر رفع حاجت نہیں کرتے لیکن ہم غلاظت پھیلائیں گے، ہمیں بتانا پڑتا ہے کہ مسجدوں، لائبریریوں اور جنازوں میں موبائل فون بند کر دیں، ہمیں بتانا ضروری ہے کہ ڈرائیونگ لائسنس ضروری ہے، ہمیں بتانا پڑتا ہے کہ استاد کو تھپڑیاں نہیں لگاتے، ہمیں بتانا پڑتا ہے کہ کرپشن، چوری اور بدعنوانی معاشرے کے لئے زہر قاتل ہے اور ان سب مسائل کی جڑ یہ ہے کہ ہم تعلیم یافتہ تو ہیں مگر تربیت یافتہ نہیں ہیں۔ آخر کیا کیا بتایا جائے کہ جب تربیت کا فقدان اس قدر شدید ہو۔ یہ سب اخلاق کے سبق اور ذہن سازی کے درس ہیں۔ جاپان اور باقی ممالک نے اس لئے ترقی کر گیا کہ اس نے تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت یافتہ پیدا کیے اور ہم نے فقط تعلیم یافتہ اور کسی سطح پر بھی بنیادی تربیت کا انتظام نہیں کیا۔ یوں تو دنیا میں سبھی یہ کہتے ہیں کہ انسان کیلئے تعلیم ضروری ہے۔ ہاں یہ بالکل سچ ہے کہ تعلیم سے آراستہ لوگوں اور ان پڑھ میں بہت فرق ہوتا ہے لیکن اگر ایک شخص جو تعلیم سے آراستہ ہوتا ہے بڑی بڑی ڈگریاں حاصل کر لیتا ہے لیکن اس کی تربیت کچھ اس طریقہ سے ہوتی ہے کہ نہ تو وہ ماں باپ اور بزرگوں کی عزت کرتا ہے اور نہ ہی چھوٹوں سے اچھی طرح پیش آتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اچھی تعلیم ہر ایک کی زندگی کیلئے بہت ہی اہم ہے۔ ہم سب جانتے ہیں کہ تعلیم ترقی کی ایک کنجی ہے۔ یہ سچ ہے کہ ہم بچپن سے لے کر بڑے ہونے تک اگر اچھی تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت بھی اچھی پائیں تو ہماری زندگی بھی سنوار ہو جاتی ہے اور ہم ایک کامیاب انسان کہلاتے ہیں۔ ماں اپنے بچوں کو دنیا کے نشیب و فراز سے آگاہ کرتی ہے اور بچوں کو سمجھاتی ہے کہ اپنے بڑوں اور بزرگوں کی کس طرح سے عزت کی جائے اور تمیز سے رہنا سکھاتی ہے اسی طرح باپ کا فرض بھی ہوتا ہے کہ اپنے بچوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ اچھی تربیت بھی دے تاکہ وہ دنیا اور دین میں اچھا نام کما سکے۔ کہا جاتا ہے کہ مسلمانوں میں زیادہ کامل ایمان اسکا ہے جسکے اخلاق اچھے ہوں۔ کسی سے گالی گلوچ کرنا، غصہ کرنا، بدتمیزی سے پیش آنا، جھگڑنا، غرور کرنا (یہ غرور آج کل تعلیم یافتہ نوجوانوں میں اکثر ہوتا ہے کہ آپ دوسروں سے دو چار کتابیں زیادہ پڑھا لیا ہے تو آپ اپنے کو اس سے زیادہ ذہین اور قابل تعلیم یافتہ سمجھتے ہوں یہ بھی تربیت یافتہ کی قلت ہیں) یہ سب غلط تربیت کا نتیجہ ہے۔ ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ اور تربیت یافتہ انسان ہمیشہ ترقی کی راہ پر گامزن رہتا ہے اور اسے ہر کوئی عزت کی نظر سے دیکھتا ہے اور وہ زندگی میں بہت کامیاب رہتا ہے۔ انسانیت ایک بہت بڑا خزانہ ہے اسے لباس میں نہیں انسان میں تلاش کرو۔ یہ بات صرف اپنے اہل و عیال کے بارے میں ہی نہیں بلکہ اگر کسی کے پڑوس میں ایسے لوگ رہتے ہوں جو تعلیم و تربیت اور عملی و اخلاقی حالت کے لحاظ سے پسماندہ ہوں تو دوسرے لوگوں کی ذمہ داری ہے کہ انکی تعلیم و تربیت اور انکے سدھارہ و اصلاح کی فکر کریں۔ آج آپ خود معاشرہ کے اندر دیکھ لیں کس طرح اولاد اپنے ماں باپ کی نافرمانی کر رہی ہے اور ماں باپ کیلئے عذاب بنی ہوئی ہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ ماں باپ نے ان کو ایسے بے دینی ماحول میں آزاد چھوڑ دیا ہے جس میں ماں باپ کی عزت اور عظمت کا کوئی خانہ نہیں۔ جس انسان کے پاس تعلیم ہو مگر وہ اپنے ماں باپ، بھائی بہن اور دنیا کے لوگوں سے اچھی طرح پیش آنا نہ جانتا ہو اور اس کی تربیت اچھی نہ ہو تو اس کی دنیا میں کوئی اہمیت نہیں۔ آج کل کے لوگوں میں خراب باتیں پیدا ہو گئی ہیں جیسے پیسے کا لالچ، لوگوں کیساتھ بدتمیزی سے پیش آنا وغیرہ وغیرہ۔ ہم اسے تبھی روک پائیں گے جب ہم کوشش کریں گے۔ تعلیم سے پہلے تربیت آتی ہے۔ جس کے پاس تربیت نہ ہو تو اس کی تعلیم اس کے کوئی کام نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور ہمارے حکمرانوں کو تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ تربیت یافتہ اور سچا مسلمان بھی بنائے، آمین۔

میرے غموں کی دنیا..انشائیہ۔۔۔

ڈاکٹر سعید تبسم

دنیا کتنی خوبصورت ہے! اور کتنی خوبصورت ہے۔۔۔ کتنی پرکشش ہے۔ یہاں بڑے بڑے خوبصورت پہاڑ، خوبصورت گنے۔ جنگل، چھوٹے۔ بڑے درخت، لہلہاتے پھل، مہکتے پھول، ہر قسم کے جاندار، کسی سے خوف آئے، کسی پہ پیار آئے، جو اس دنیا کی رونق کو اور بھی خوبصورت بنائے ہوئے ہیں۔ بہتے دریا، پھیلے ریگستان، چمکتے گلیشیرز، اور ہمیں اس نازک اندام کا حسن و جمال، گلاب کے پھول جیسی اسکی مسکراہٹ، اس کی حوروں جیسی خواب ناک، حسین محبت اور ناز و ادائیں ہیں۔ اور پھر کچھ کڑوی یادیں بھی یہاں موجود ہیں۔ کچھ پچھتاوے، زندگی کی بے قدری، وقت کا ہاتھ سے نکل جانا، ارمانوں کا پورا نہ ہونا یہ سب دل میں ادھورے خواب بن کر ہی رہ گئے ہیں۔ یہ دنیا بہت بڑی ہے یہاں جتنے بھی انسان ہیں ان کی زندگی کی قدر و قیمت کسی ایک ملک اور ریاست سے بھی بڑھ کر ہے۔ جہاں سب انسان برابر ہو۔ امیر، غریب اور لائق، نالائق تو ہر جگہ ہو سکتے ہیں۔ لیکن انسانی حقوق سب کے برابر ہیں۔ قانون سب کے لیے ایک ہو۔ ریاست بھی سب کیلئے ہو، جیسے باپ سارے بچوں کے لیے ہوتا ہے۔ جیسے ماں کی ممتا سب بچوں کے لیے ہوتا ہے۔۔ جہاں بچوں کے تعلیم حاصل کرنے کا فرض ریاست کا فرض ہو!! کہ ہر بچہ لازمی تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو۔ اسی طرح ہر بیمار کے علاج کی ذمہ داری اور مال و عزت کی حفاظت کی ذمہ داری بھی ریاست کی ہو۔ اور تو اور ہر شخص کو یہ بھی حق حاصل ہے کہ وہ اپنے لئے حکمران خود چن سکے۔ مگر یہ سب اس دنیا کہاں ہیں؟ یہ دنیا تو محض مجھے پڑھائی گئی ہے!!! مگر میرے حقیقی دنیا سے بہت دور ہیں۔ شاید کئی نسلوں کی دوری!!!۔ وہ دنیا میرے سوچ و شعور میں ہے۔ وہ میرے ارمانوں کی دنیا ہے اور وہی میری منزل ہے۔!! میں خود کو ان لوگوں میں شامل کرنا چاہتا ہوں جو ایسی ہی اک دنیا کے حصول کے لئے جدوجہد کرتے رہتے ہیں۔ مگر افسوس مجھے دور دور تک اس کے آثار نظر نہیں آتے۔ دنیا واقعی بہت خوبصورت ہے یہ انسان کو زندگی میں صرف ایک بار مل سکتی ہے۔ لیکن جو میری آنکھوں کے سامنے حقیقت ہے وہی میری دنیا ہے۔ جہاں آنکھ کھولی تو سردار کی حکومت دیکھی اور سردار ہی میرا حاکم ہے۔۔۔۔ جسے چاہ کر بھی میں نہیں بدل سکتا۔ میرے علاج اور تعلیم کی ذمہ داری میرے باپ کے سر پر تھی۔ اور اب میرے بچوں کی یہ ذمہ داریاں میرے سر پہ ہیں وہ آئیڈیل دنیا کدھر ہے۔ اور اس دنیا کے لوگوں کی جانیں نصیب کے ہاتھ میں ہیں۔ کسی حادثہ، غلط علاج، سرکار اور سردار بھوک و افلاس، بیماری، لاچاری، ملاوٹ، سردی اور گرمی سے اگر کوئی بچ گیا تو وطن کے زور آور سے بچنا نصیب کی بات ہے۔ میری دنیا یہی ہے جہاں بجلی اور پانی کے لئے پورا دن میں پریشان رہتا ہوں۔ جہاں روڈ پر گٹر کا پانی گرتا ہے۔ جہاں انصاف کا ترازو دلیل سے نہیں بلکہ پیسے سے تولا جاتا ہے۔ جہاں حاکم کمزور کے ساتھ انصاف کرنے کے بجائے زور آور کے ساتھ انصاف کرتا ہے۔ جہاں جھوٹ اور فراڈ کی فیکٹریاں آباد ہیں۔ جہاں حق کی بات کرنے والا دنیا سے ہی مٹا دیا جاتا ہے۔ مانا کہ دنیا بہت خوبصورت ہے اور یہ بھی مانا کہ یہ ہمارے لئے ہی بنی ہے لیکن میری دنیا یہی ہے جو میرے آنکھوں کے سامنے ہے۔ آہ میں اور میری یہ دنیا اور اس دنیا کے درد۔

فیس بک ٹوئٹر: طاقتور عالمی فیصلہ ساز (آخری قسط)

نصرت جاوید

واشنگٹن ہی نہیں امریکہ کے تمام بڑے شہروں میں بھی اس کے حامی "خانہ جنگی" جیسے مناظر دکھانا شروع ہو جائیں گے۔ اس امکان کے تدارک کیلئے تجویز یہ پیش ہوئی کہ امریکی آئین کے آرٹیکل 25 کو بروئے کار لاتے ہوئے "غیر ذمہ دار صدر" کو برطرف کر دیا جائے۔ نائب صدر پنس 20 جنوری تک قائم مقام صدر کے طور پر کام کرے۔ مذکورہ تجویز کو مناسب پذیرائی میسر نہیں ہوئی۔ امریکہ کے ایوان زیریں کی سپیکر اب یہ چاہ رہی ہے کہ ٹرمپ کا واشنگٹن میں مظاہرے بھڑکانے کے الزام میں مواخذہ ہو۔ مواخذے کی تحریک مگر اپنے منطقی انجام تک پہنچنے میں بہت دیر لگاتی ہے۔ ڈیموکریٹ پارٹی کے پاس ویسے بھی امریکی ایوان بالا میں دو تہائی اکثریت موجود نہیں جو کسی صدر کے مواخذے کے لئے درکار ہوتی ہے۔ یوں گماں ہو رہا ہے کہ ٹرمپ کے خلاف کسی قانونی کارروائی کے بغیر ہی 20 جنوری 2021 کا انتظار کیا جائے گا۔ "عوامی نمائندوں اور "مختلف اداروں" کی ٹرمپ کے حوالے سے نمایاں ہوئی "بے بسی" کے برعکس Jack Dorsey اور Mark Zuckerberg امریکی صدر سے کہیں زیادہ با اختیار اور طاقت ور ثابت ہوئے۔ اول الذکر فیس بک چلانے والی کمپنی کا مالک ہے۔ Jack Dorsey ٹویٹر کا مالک ہے۔ ان دونوں نے ٹرمپ کو جتنے ان دنوں بھی کسی ملک کے خلاف اپنی ہتھیار استعمال کرنے کا اختیار میسر ہے اپنے پلیٹ فارموں پر Ban کر دیا ہے۔ ان کے فیصلے نے جمہوری اور مہذب روایات کے بارے میں فکر مند افراد کو یقینا خوش گوار اطمینان فراہم کیا ہے۔ ذہن سازی کے علاوہ اقتدار و اختیار کے معاملات کو گہری تحقیق کے ذریعے جاننے کی کوششوں میں مصروف افراد مگر طویل الیعاد تناظر میں نہایت اہم اور سنجیدہ سوالات اٹھانا شروع ہو گئے ہیں۔ یہ حقیقت تو عرصہ ہوا ثابت ہو چکی ہے کہ فیس بک اور ٹویٹر روایتی میڈیا کے مقابلے میں ذہن سازی کے حوالے سے کہیں زیادہ موثر ترین ہیں۔ "آزادیٔ اظہار" کی جیلی خواہش کو کاروباری مہارت سے استعمال کرتے ہوئے ان دونوں نے "عام آدمی" کو اپنے خیالات لوگوں تک پہنچانے کی حیران کن سہولت فراہم کی۔ ابتدائی ایام میں اس سہولت کا پرجوش خیر مقدم ہوا۔ عوام کی بے پناہ اکثریت روایتی میڈیا سے تنگ آ چکی تھی۔ ٹھوس وجوہات کی بنیاد پر وہ یہ محسوس کرتے تھے کہ بڑے دھندوں کے اجارہ دار سیٹھوں نے عوام کو اخبارات اور ٹیلی وژن نیٹ ورک کے ذریعے "خبر" پہنچانے والے اداروں کو بھی خرید لیا ہے۔ "اصل خبر" ان کے ذریعے لوگوں کے روبرو آ ہی نہیں سکتی۔ "سچ" کی تلاش کے لئے سیٹھوں کے تنخواہ دار صحافیوں کے بجائے Citizen Journalism سے رجوع کرنا ہوگا۔ چند برس کی وقتی خوشی کے بعد مگر بتدریج دریافت ہونا شروع ہوا کہ فیس بک اور ٹویٹر کے ذریعے خلق خدا کے حقیقی مسائل اجاگر نہیں ہو رہے۔ یہ دونوں پلیٹ فارم بلکہ بے تحاشہ کائیاں مگر جنونی افراد "سازشی کہانیاں" پھیلانے کے لئے استعمال کر رہے ہیں۔ انسانوں کے دلوں میں جبلی طور پر موجود تعصبات کو بھڑکاتے ہوئے یہ دونوں پلیٹ فارم ایسے "جنونی گروہ" تیار کر رہے ہیں جو اپنے مخالفین کو سانس لینے کی مہلت دینے کو بھی تیار نہیں۔ فیس بک اور ٹویٹر معاشرے میں "انتہا پسندی" کی جو نئی شکل متعارف کروا رہے تھے اس نے بالآخر دنیا کی کئی حکومتوں کو مجبور کیا کہ وہ مؤثر قانون سازی کے ذریعے ان دونوں پلیٹ فارموں کو Regulate کرے۔ ابھی تک کامل بندش کے علاوہ کوئی ایسا طریقہ دریافت نہیں ہوا جو مطلوبہ نتائج کے حصول یقینی بنا سکے۔ ٹرمپ کے ان دو پلیٹ فارموں پر Ban ہو جانے کے بعد بلکہ گماں ہو رہا ہے کہ فیس بک اور ٹویٹر کی اعتبار سے طاقت ور "عالمی اداروں" کی صورت اختیار کر چکے ہیں۔ لوگوں کی "ذہن سازی" کے عمل پر ان کا مکمل اجارہ ہے۔ اس تناظر میں غور کریں تو فیس بک Mark Zuckerberg اور ٹویٹر کا Jack Dorsey دنیا کے طاقت ور ترین افراد کی حیثیت میں اجاگر ہوتے ہیں۔ یہ دونوں افراد امریکہ سمیت دنیا بھر کے کسی بھی منتخب یا غیر منتخب ادارے کے روبرو جوابدہ نہیں۔ یہ طے کرنا فقط ان کا "حق" ہے کہ ان کے چلائے پلیٹ فارموں کو کون شخص کیسے پیغامات پھیلانے کے لئے استعمال کر سکتا ہے۔ وہ چاہیں تو دنیا کی واحد سپر طاقت شمار ہوتے امریکہ کے صدر کو بھی جو محض ایک بٹن دبا کر ایٹمی ہتھیاروں کی بدولت لاکھوں انسانوں کی جان لے سکتا ہے اپنے پلیٹ فارم استعمال کرنے سے روک سکتے ہیں۔

ذہن سازی کے حوالے سے ایسی قوت و اختیار آج تک دنیا کے کسی بڑے سے بڑے اخباری ادارے یا ٹیلی وژن نیٹ ورک کو نصیب نہیں ہوئے تھے۔ معاملہ مگر اب "ذہن سازی" تک محدود ہوا ہی نظر نہیں آ رہا۔ یوں گماں ہوتا ہے کہ دنیا بھر کی فیصلہ سازی کا اختیار دو "عالمی" حکومتوں کے پاس چلا گیا ہے۔ Mark Zuckerberg اور Jack Dorsey اس تناظر میں دور حاضر کے "عالم گیر" شہنشاہ ثابت ہو رہے ہیں۔ شکریہ نوائے وقت

سوشل میڈیا اور ہمارا معاشرہ

ڈاکٹر الطاف محمد حسنی

اس وقت دنیا کی آدھی سے زائد آبادی سوشل میڈیا سے وابستہ ہے اور ہر گزرتے لمحوں کے ساتھ لاکھوں نئے اکاؤنٹس تخلیق کیے جاتے ہیں جس سے سوشل میڈیا صارفین کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ ایک طفل مکتب سے لے کر بزرگوں تک سب ہی اس سہولت سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ سوشل میڈیا جہاں دور جدید میں تبلیغ و تشہیر اور تعلیم و تفریح کا ایک موثر ذریعہ ہے وہیں یہ نوجوان نسل کے ذہنوں میں اخلاقی گراوٹ پیدا کر کے طرح طرح کی برائیوں کو بھی اس سے فروغ ملتا ہے۔ یہ برائیاں جوں جوں معاشرے میں پھیلتی ہیں تو پورا معاشرہ تباہ کن حالات کی لپیٹ میں آ کر زوال کے ایک مہلک ترین مرض میں مبتلا ہو جاتا ہے اور معاشرتی اقدار اور آداب کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔

پاکستان میں سوشل میڈیا بالخصوص فیس بک، یوٹیوب، ٹویٹر، انسٹاگرام اور ٹک ٹاک پر صارفین کی تعداد کروڑوں میں ہے جو سوشل میڈیا ایپس کے ذریعے عوامی مقبولیت اور سستی پزیرائی حاصل کرنے کے لیے غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بنا سوچے سمجھے مختلف ویڈیوز اور تصاویر وائرل کر دیتے ہیں۔ وہیں معروف شخصیات بھی اپنے چینلز کی ریٹنگ بڑھانے کے لیے غیر مصدقہ ویڈیوز چلاتی ہیں۔ اسی طرح جعلی اکاؤنٹس چلانے والوں کی ایک کثیر تعداد موجود ہے جو ملک میں انتشار پھیلانے اور دوسرے کئی منفی مقاصد کے لیے

شال بقیہ 1

انسانی تاریخ کا اندوہناک واقعہ پیش آیا جس میں ہزارہ قبیلے سے تعلق رکھنے والے دس مزدوروں کو بے دردی سے قتل بلکہ ذبح کرکے شہید کیا گیا۔ واقعہ پوری دنیا میں اپنی نوعیت کا دردناک واقعہ ہے جس کی مذمت کے لئے ہمارے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ اس المیے نے نہ صرف ہزارہ قوم بلکہ صوبے میں آباد تمام اقوام کو کرب میں مبتلا کیا۔ یہ واقعہ گزشتہ پانچ سال سے ہزارہ کمیونٹی جس کرب میں مبتلا ہے اس کا تسلسل ہے۔ ہزارہ کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے سبزی فروشوں، طلباء، حتیٰ کہ خواتین کا بھی خون بہایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمسایہ ممالک میں 1978 اور 79 میں آنے والے انقلابات کے منفی اثرات ہمارے ملک میں پڑے ہیں ایک ملک میں آنے والے انقلاب کے بعد یہاں اسلحہ کلچر فروغ پایا جبکہ دوسرے ملک میں آنے والے انقلاب کے بعد یہاں فرقہ واریت کو فروغ حاصل ہوا تاہم اس وقت ہمارے پالیسی سازوں نے اس جانب کوئی توجہ نہیں دی اور نوبت ہزارہ نسل کشی تک پہنچ گئی۔ دو دہائیوں سے ہزارہ نسل کشی ہو رہی ہے ہماری ماؤں اور بہنوں کے آنسو خشک، نوجوانوں کے کندھے جنازے اٹھاتے تھک چکے ہیں ہم مزید ایسے واقعات کے متحمل نہیں ہوسکتے ہماری مائیں سوال کرتی ہیں کہ ایسے واقعات کے ذمہ داروں کو ہم کب کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

شال بقیہ 2

ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو جدید سفری سہولیات کے لیے خاص طور پر گرین بس پروجیکٹ اہمیت کا حامل ہے اور اس کے پہلے مرحلے میں خواتین کے لیے دو بسیں چلائی جائیں گی جب کہ کل آٹھ بسیں گرین منصوبے کے تحت شہر میں چلائی جائیں گی۔ اجلاس کو سیکرٹری ٹرانسپورٹ نے بریفنگ میں بتایا کہ بہت جلد کراچی اور کوئٹہ کے درمیان چلنے والی 316 کوچز میں جدید ٹریکنگ سسٹم کی تنصیب عمل میں آئے گی۔ جس سے بسوں کی سیفٹی سیکورٹی اور ان کی لوکیشن کے ساتھ ساتھ بسوں کی سپیڈ کو کنٹرول کرنے کی تمام معلومات حاصل ہو ں گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کوئٹہ گرین بس منصوبے کے ٹینڈرز کا عمل مکمل کیا جاچکا ہے۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ نے بتایا کہ گرین بس کے دو روٹس کا انتخاب کیا گیا ہے۔ پہلا روٹ سرینا چوک تا ہلیلی چیک پوسٹ تک ہوگا۔ روٹ پر 11 بس اسٹاپ بنائے جائیں گے۔ آر ٹی اے بس منصوبے کے آپریشن اور مینجمنٹ کو کنٹرول اور مانیٹر کرے گا۔ اجلاس کے آخر میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت اس منصوبے کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرے گی تاکہ کوئٹہ کے عوام کو بھی جدید سفری سہولیات میسر آئیں۔ صوبے کے دیگر شہروں میں بھی گرین بس سروس کے آغاز کا جائزہ لیا جائے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر چلنے والی کوچوں میں ٹریکر کی تنصیب کا بڑا فائدہ مالکان کو بھی ہوگا اور وہ براہ راست اپنی کوچ کے ڈرائیور اور مینجمنٹ کی نگرانی کرسکیں گے اور حاصل ہونے والے ڈیٹا سے اپنی کارکردگی کو مزید بہتر کرسکیں گے۔ وزیراعلیٰ نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ قومی شاہراہوں پر بسوں کی اوور اسپیڈنگ کنٹرول کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گرین بس کے آغاز سے شہر میں نہ صرف فضائی آلودگی میں کمی ہوگی بلکہ مجموعی طور پر ٹریفک پر نظام پر بھی اس کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ وزیراعلیٰ نے گرین بسوں میں جی پی ایس سسٹم نصب کرنے کے ساتھ ساتھ شہریوں کی سہولت کے لیے گرین بس ایپ متعارف کرانے کی بھی ہدایت کی۔

شال بقیہ 3

کورونا نیشنل کیسز کے گئے، جس کے بعد مجموعی کووڈ 19 ٹیسٹس کی تعداد 72 لاکھ 84 ہزار 009 ہوگئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں مزید 2 ہزار 417 مثبت کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، اس طرح پاکستان میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد 5 لاکھ 14 ہزار 338 ہوگئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اب تک سندھ میں 2 لاکھ 31 ہزار 953، پنجاب میں ایک لاکھ 47 ہزار 953، خیبر پختونخوا میں 62 ہزار 719، اسلام آباد میں 39 ہزار 749، بلوچستان میں 18 ہزار 515، آزاد کشمیر میں 8 ہزار 567 اور گلگت بلتستان میں 4 ہزار 882 افراد میں کورونا کی تشخیص ہوئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اس وقت ملک بھر میں کورونا کے فعال مریضوں کی تعداد 34 ہزار 169 ہوگئی ہے۔ جب کہ 2 ہزار سے زائد مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا سے مزید 45 افراد جاں بحق ہوگئے ہیں جس کے بعد اب اس وبا سے جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد مجموعی طور پر 10 ہزار 863 ہوگئی ہے۔ این سی او سی کے مطابق کورونا سے ایک دن میں 2 ہزار 072 مریض صحت یاب ہوئے جس کے بعد صحت یاب ہونے والے مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 69 ہزار 306 ہوگئی ہے۔

شال بقیہ 4

570 کے قریب تھے، روز 5 اموات ہو رہی تھیں اور روزانہ جو کیسز آرہے تھے وہ 600 کے قریب تھے ہفتوں میں الیکشن کی شرح کو دیکھتے ہوئے کوئی پالیسی مرتب کی جائے گی۔ جمعہ کو یہاں وزرائے تعلیم کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ 9 ویں سے 12 ویں جماعت کے طلبہ کے لیے تعلیمی ادارے گزشتہ فیصلے کے مطابق 18 جنوری سے ہی کھول دیے جائیں گے۔ شفقت محمود نے کہا کہ 15 ستمبر کو جب ہم نے تمام تعلیمی ادارے کھولنے کا فیصلہ کیا تھا تو اس وقت وائرس کے کیسز مثبت آنے کی شرح 9.1 کے قریب تھی۔ انہوں نے کہا کہ شدید بیمار مریض 570 کے قریب تھے، روز 5 اموات ہو رہی تھیں اور روزانہ جو کیسز آرہے تھے وہ 600 کے قریب تھے۔ انہوں نے کہا کہ 26 نومبر کو جب ہم نے تعلیمی ادارے بند کرنے کا فیصلہ کیا تو اس وقت مثبت کیسز کی شرح 9.1 سے بڑھ کر 14.7 پر چلی گئی تھی، شدید بیمار مریضوں کی تعداد 570 سے بڑھ کر ایک ہزار 958 تک پہنچ گئی تھی اور روزمرہ کی اموات پانچ سے بڑھ کر 47 ہوگئی تھیں جبکہ روزانہ کے کیسز 600 سے 3 ہزار تک پہنچ گئے تھے۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ اس صورتحال کو دیکھتے ہوئے ہم نے تعلیمی ادارے بند کیے کیونکہ ماہرین صحت اور ڈاکٹرز نے ہمیں بتایا کہ اسکول اور تعلیمی ادارے بند ہونے کا انفیکشن کی شرح پر واضح اثر پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 26 نومبر کو ہم نے تعلیمی اداروں کو بند کیا تو اس سے گراف کچھ نیچے آیا لیکن جدید اعداد و شمار کے مطابق مثبت کیسز کی شرح 14.7 سے کم ہو کر 10.6 پر آگئی ہے اور یہ شرح ابھی بھی نسبتاً زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ شدید بیمار مریضوں کی تعداد ایک ہزار 952 سے بڑھ کر دو ہزار 339 ہوگئی ہے جبکہ روزانہ کی بنیاد پر اموات کی شرح بھی 44 ہوگئی ہے۔

شال بقیہ 5

جموں و کشمیر میں جاری بھارتی مظالم کو دنیا بھر کے سامنے اجاگر کرتے چلے رہے ہیں آج وی گوچ برطانوی پارلیمنٹ میں سنائی دے رہی ہے، بھارت پراپگنڈہ کر رہا تھا کہ یہاں کا اندرونی مسئلہ ہے برطانوی پارلیمنٹیرینز نے واضح کردیا کہ یہ عالمی سطح پر متنازعہ مسئلہ ہے جس پر سلامتی کونسل کی بہت سی قراردادیں موجود ہیں، یہ بھارت کا اندرونی معاملہ ہرگز نہیں ہے، بھارت دنیا کو یہ تاثر دے رہا تھا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں حالات معمول پر آچکے ہیں جبکہ برطانوی پارلیمنٹیرینز نے بھارت کے جھوٹے دعوؤں کی قلعی کھول دی، انہوں نے کہا کہ بھارت میں حالات انتہائی تشویشناک ہیں، لاکھوں بھارتی فوجی کشمیریوں پر ظلم ڈھا رہے ہیں، مقبوضہ جموں و کشمیر نوجوانوں کو بلاجواز گرفتار کیا جا رہا ہے کمیونیکیشن بلیک آؤٹ ہے انہوں نے کہا کہ غیر جانبدار مبصرین کو مقبوضہ علاقوں تک رسائی نہیں دی جا رہی۔ بین الاقوامی میڈیا کے نمائندوں کو مقبوضہ کشمیر میں جانے کی اجازت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے ساتھ بدسلوکی کے واقعات تواتر سے ہو رہے ہیں، ہزاروں کی تعداد میں کشمیری پابند سلاسل ہیں اور ان کی کوئی شنوائی نہیں ہو رہی، انکلنڈ آج یہ آوازیں برطانیہ کی پارلیمنٹ سے اٹھ رہی ہیں، یہ یقیناً ہمارے سفارتی نقطہ نظر کی کامیابی ہے، یہ امر کشمیریوں کیلئے حوصلہ افزائی کا باعث ہے اس آواز سے ہندوستان کا چہرہ مزید بے نقاب ہوگا۔

شال بقیہ 6

دیا کہ وہ بھی سلیکٹیڈ حکمرانوں سے نالاں ہیں باضل حکمرانوں کی نسبت جمعیت علماء اسلام کا ایک ایک کارکن محاذ اور میدان پر ہے انہوں نے پارٹی کارکنوں پر زور دیتے ہوئے کہا قوم ملت اور امت کی آواز بن جائیں اللہ پاک اسلام اور پاکستان کی حفاظت فرمائے یہ بات انہوں نے حاجی اکبر ناصر کی جانب سے دیئے گئے نکرانے میں کہی اس موقع پر حاجی اکبر ناصر نے اپنے خاندان سمیت جمعیت علماء اسلام میں شمولیت کا اعلان کیا۔

شال بقیہ 7

اگلے اجلاس میں پھر سے امن وامان کی صورتحال پر بحث ہوتی ہے جب تک واضح طریق کار نہیں اپنایا جاتا عدل و انصاف کی توقع نہیں کی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ ملکی قوانین اور دستور میں عوام کے جان و مال کے تحفظ کی ضمانت دی گئی ہے اگر ریاست عوام کو جان و مال کا تحفظ فراہم نہیں کرسکتی تو پھر حکومت کی کیا حیثیت باقی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آئین و قانون کی بالادستی سے ہی نظم کا راستہ روکا جاسکتا ہے انہوں نے کہا کہ اس دور میں جب یہاں ایس ایچ او تھانہ اور تھری نہیں تھی مگر روایات اور اقدار تھے۔ ایسے واقعات پیش نہیں آتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بدامنی کے واقعات ہو رہے ہیں مگر کوئی پوچھنے والا نہیں انہوں نے ہوشربا مہنگائی اور بے روزگاری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی سے تمام طبقات متاثر ہیں لوگوں کو سوکھی روٹی بھی میسر نہیں ہے لوگ اپنے بچوں کے مستقبل کے لئے تشویش میں مبتلا ہیں بھوک کے ہاتھوں لوگ خودکشی پر مجبور ہوچکے ہیں مگر ہوشربا مہنگائی پر کنٹرول کی بجائے حکومت نے ایک بار پھر پٹرول کی قیمت میں اضافے کی سمری ارسال کی ہے۔

شال بقیہ 8

بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اپوزیشن لیڈر حاجی سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ اپوزیشن نے صوبے کے اہم ترین مسائل پر اجلاس کے لئے ریکوزیشن جمع کروائی امن وامان کی صورتحال کشمیر سے کوئی بھی ذی الشعور پاکستانی اور بلوچستانی آج یہ نہیں سمجھتا کہ انکی عزت اور آبرو محفوظ ہے جب گھر میں آگ لگتی ہے تو اسکا فائدہ بیرونی دشمن اور عناصر اٹھاتے ہوئے بدامنی پھیلاتے ہیں آج اسمبلی کا اجلاس اس لئے بھی ریکوزیشن کیا تھا کہ اسمبلی میں بحث کے بعد حکومت امن وامان کی بہتری کے لئے اپنی حکمت عملی بنائے اور ایوان کو بھی اعتماد میں لے لیکن بدقسمتی سے 10 لوگوں کے مرنے کے بعد عوام کا کوئی پرسان حال نہیں حکومت یہ واضح ہی نہیں کرسکتی کہ وہ عوام کے تحفظ کو کیسے یقینی بنائے گی اور نہ ہی وہ ان معاملات پر عوام کے نمائندہ ایوان کا سامنا کرسکتی ہے انہوں نے کہا کہ نیب کے چیئرمین اپوزیشن کو ہراساں کر رہے تھے انہیں آج اسمبلی نے بلایا اور 540 کروڑ روپے کی ادائیگی کے حوالے سے جواب طلبی کی ہے اب وہ خود پریشان ہوگئے ہیں انکا قصہ ختم ہونے کو ہے، انہوں نے کہا کہ اپوزیشن ارکان مغرب کی نماز کے لئے گئے اور کچھ ارکان آج رخصت پر بھی تھے جسکا فائدہ اٹھاتے ہوئے حکومت نے کورم کی نشاندہی کی اور اجلاس ملتوی کردیا گیا۔

شال بقیہ 9

صوبے بھر میں لیویز چیک پوسٹوں سے متعلق 30 دن میں تفصیلی رپورٹ جمع کرائے۔ واضح رہے کہ رکن صوبائی اسمبلی ثناء بلوچ نے کہا کہ میں یہاں پر چیک پوسٹ سے گزر رہا تھا کہ میری گاڑی کی لائٹ غریب ڈرائیور کے ہاتھ پر پڑا جس کے ہاتھ میں کچھ پیسے تھے جو لیویز سپاہی کو دے رہا تھا جو افسوس ہوا ہارہا اسمبلی میں اس حوالے سے آواز بلند کی رات میں 12 سے 13 چیک پوسٹ ہیں میں نے ڈرائیور سے کہا کہ آپ کی گاڑی تو خالی ہے آپ پیسے کیوں دے رہے ہیں تو انہوں نے کہا کہ خالی گاڑی پر بھی اس لئے پیسے لئے جاتے ہیں اگر پیسے نہیں دیتے تو پھر کہتے ہیں کہ کھڑے ہوجاؤ صاحب آجائیں اس بہانے ہمیں 4 سے پانچ گھنٹے کھڑے کرکے انتظار کرایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹیں عوام کے تحفظ کیلئے نہیں بلکہ غریب عوام کو لوٹنے کیلئے ہے ایک ٹرک سے ایک گھرانے کا روزگار وابستہ ہے۔

شال بقیہ 10

اور تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے کے لئے کوششیں کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میکسیکو کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانا چاہتا ہے، حکومت تمام ممالک کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے پر توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میکسیکو کے ساتھ باہمی تجارت کے حجم میں اضافے کی ضرورت ہے، دونوں ممالک کے مابین اعلیٰ سطحی دورے شروع کرنے سے دوطرفہ تعلقات کو مزید تقویت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ نامزد سفیر ملک مثبت تاثر کو ابھارنے اور بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر میں ہونے والے مظالم اور انسانی حقوق کی پامالیوں کو بے نقاب کرنے کیلئے کام کریں۔

شال بقیہ 11

جانب سے موجودہ حکومت کو گردشی قرضہ وراثت میں ملا ہے اور یہ جلد ختم نہیں ہوگا بلکہ اس میں مزید اضافہ بھی ہوگا۔ وزیر خزانہ کی عمر ایوب کے دسمبر 2020 تک قرضوں کا بہاؤ زیرو کرنے کے دعوے پر اسد عمر نے کہا کہ مجھے اس سوال سے راجہ پرویز اشرف یاد آگئے، جب پرویز اشرف وزیر پانی و بجلی بنے تو میں سیاست میں نہیں تھا۔ میں ٹی وی پر دیکھتا تھا، وہ بار بار کہتے تھے کہ دسمبر تک گردشی قرضہ ختم ہوجائے گا اور لوڈشیڈنگ ختم ہوجائے گی۔ ایک بار وہ کراچی آئے تو گورنر اسٹیٹ بینک کے ساتھ ڈنر پر میں نے ان سے پوچھا کہ راجہ صاحب آپ روٹی وی پر آکر دسمبر کی ڈیڈ لائن دیتے ہیں، آپ کو کس نے بتایا کہ لوڈشیڈنگ اور گردشی قرضے ختم ہوجائیں گے تو پرویز اشرف نے جواب دیا کہ ہمیں تو بیوروکریٹ بتاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمر ایوب سے یہ پوچھنا پڑے گا کہ ان کو کس سائنسدان نے یہ بتایا تھا کہ دسمبر میں گردشی قرضہ ختم ہوجائے گا، میں ان سے یہ سوال ضرور پوچھوں گا۔ اسد عمر نے کہا کہ کورونا ویکسین کی مارچ تک پہلی کھیپ آجائے گی جو صرف طبی عملہ کیلئے ہوگی، اب تک 3 لاکھ ہیلتھ ورکرز رجسٹر ہوچکے ہیں جبکہ یہ تعداد پانچ لاکھ تک ہونے کا امکان ہے، ویکسی نیشن کیلئے ٹیم کی ٹریننگ جاری ہے اور لاجسٹک کا انتظام بھی کیا جارہا ہے۔ عام شہریوں کیلئے ویکسین کب آئے گی سوال پر اسد عمر نے کوئی ٹائم فریم نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ 22 کروڑ عوام کو ویکسین لگانے کی ضرورت نہیں، 60 فیصد آبادی کو ضرورت پڑے گی اور اس میں وقت لگے گا۔

شال بقیہ 12

اعظم کے معاون خصوصی برائے احتساب و داخلہ شہزاد اکبر بھی موجود تھے۔ آئی جی پنجاب انعام غنی نے وزیراعظم کو پنجاب پولیس کی کارکردگی میں بہتری لانے کے لیے کی جانے والی اصلاحات اور اقدامات پر بریفنگ دی۔ وزیراعظم نے آئی جی کو ہدایت کی کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، عوام کے مسائل کے حل میں صرف میرٹ پر عملداری کی جائے، انصاف کی فراہمی کی راہ میں حائل اہلکاروں کو کڑی سزا دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں پولیس میں سیاسی بھرتیاں کی گئیں جس کا نقصان لوگوں کو اٹھانا پڑا۔

شال بقیہ 13

سڑکوں پر لانے کا ایجنڈا مکمل ناکام ہوا ہے یہ بات انہوں نے بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹری میں سینیٹ انتخابات کے حوالے سے اپنی درخواست جمع کرانے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں بلوچستان میں اپوزیشن کی حکومت مضبوط ہے ماضی کے مقابلے میں موجودہ حکومت میں ریکارڈ ترقیاتی کام مکمل کئے ہیں عوامی فلاحی منصوبوں کے بروقت تکمیل موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل تھی انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبے عوام کی فلاح و بہبود حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کی تحریک پی ڈی ایم کے پاس عوام کو سڑکوں پر لانے کے تمام منصوبے ناکام ہوگئے ہیں اب محض وہ اپنی شرمندگی کو ختم کرنے کیلئے ریلیاں اور احتجاج کر رہے ہیں عوام نے اپوزیشن جماعتوں کے ایجنڈے کو مسترد کردیا ہے موجودہ وفاقی و صوبائی حکومتیں اپنی 5 سال مکمل کرینگی کسی کو فکر مند رہنے کی ضرورت نہیں۔

شال بقیہ 14

بھیجنے کیلئے انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں، مسافر آج رات کو لاہور سے پرواز EK 343 سے روانہ ہوں گے۔

شال بقیہ 15

ہے کہ 16 فروری کے بعد نواز شریف کے پاسپورٹ کی تجدید نہیں کرنی، پی ڈی ایم کے 19 جنوری کو الیکشن کمیشن کے سامنے احتجاج میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈالیں گے لیکن اگر یہ قانون کو ہاتھ میں لیں گے اور امن وامان کی صورتحال پیدا کریں گے تو پھر قانون حرکت میں آئے گا، پیپلز پارٹی ٹیسٹ میچ کھیل رہی ہے اور بہتر کھیل رہی ہے لیکن مولانا فضل الرحمان آخری پانچ اوور کا میچ کھیلنا چاہتے ہیں، سو روز میں تحصیل سطح پر نادرا کے دفاتر کھولیں گے اور کوشش ہوگی کہ نادرا موبائل ویز کے ذریعے خود جا کر لوگوں کو شناختی دیں، سو روز میں ایف آئی اے کو ٹھیک کرچکے اور رپورٹ ہونے والوں کیلئے نیا قانون بنائیں گے، ٹیلیفون کالز کی باتیں صرف کمپنی کی مشہوری کے لئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نادرا میگا سنٹر کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا کہ لاہور میں نادرا کے مزید دو دفتر بنائیں گے، تمام ویزے آن لائن کردیئے ہیں، تحصیل کی سطح پر نادرا کے دفاتر بنائے جائیں گے تاکہ لوگوں کو دور کا سفر نہ کرنا پڑے اور اسی طرح نادرا موبائل ویز کے ذریعے شناختی کارڈ کی فراہمی کو یقینی بنانے کی کوشش کریں گے۔

شال بقیہ 16

میں لیویز اہلکاروں کی جانب سے رنگ ہاتھوں ٹرک ڈرائیور سے رشوت لیتے ہوئے دیکھ کر آنکھیں شرم سے جھک گئی ہے عوامی نمائندے کے سامنے سر عام قومی شاہراہ پر رشوت خوری کا دھندہ جاری ہے بلوچستان میں خاص کر انتظامیہ کی چیک پوسٹوں کو مسافروں ٹرانسپورٹروں کیلئے امن کا گہوارہ سمجھے جاتے تھے موجودہ حکومت کے دور میں چیک پوسٹیں بھتہ خوری کے اڈے بن چکے ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان چیف سیکریٹری بلوچستان واقعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے قومی شاہراہ پر قائم بھتہ خوری چیک پوسٹوں کو فوری طور پر ختم کیا جائے جن کی موجودگی میں آج تک مسافروں کو تنگ کرنے کے بجائے کون سی اہم دہشت گرد یا ملزمان گرفتار کیے گئے ہیں۔

شال بقیہ 17

والے آکر پارلیمنٹ میں اپنے اثاثے ظاہر نہیں کرتے اس وقت تک جدوجہد جاری رہے گی۔ جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس چیئرمین محمد صادق سنجرانی کی زیر صدارت ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے اپوزیشن چیئرمین سینیٹ محمد سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ میرے خلاف نیب نے آخر ریفرنس دائر کردیا ہے، نیب بمقابلہ جرنس نہیں ہونا چاہیے، 29 دسمبر کو خبر نیب جاری کرتا ہے کہ ریفرنس دائر کردیا، جب پوچھا گیا تو کہا گیا کہ ابھی ریفرنس دائر نہیں ہوا۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ مجھ پر نیب ریفرنس کا اوپن فرائل ہو، ہم نے روکا کہ ایف بی آر لوگوں کے اکاؤنٹ نہ جائے، آج یہی کام نیب کر رہا ہے، نیب ہر آدمی کے اکاؤنٹ میں گھس جاتا ہے، اسٹیٹ بینک پر فعال ہے۔

شال بقیہ 18

سامنے آرہے ہیں، اگر سیل کئے گئے پمپ کارروائی کے سات دن کے اندر مستند دستاویزات نہیں پیش کرتے تو کسٹم ایکٹ کے تحت مالکان کی تمام جائیدادوں کے ساتھ پمپ ریاست ضبط کرنے کی مجاز ہوئی اور اس سے یہ اخذ کیا جائے گا کہ یہ جائیدادیں سمگلنگ کے عمل سے غیر قانونی طور پر حاصل کی گئیں ہیں۔

شال بقیہ 19

بازار، چھتیس، کشمیر، جان محمد روڈ، نیو جان محمد، کرانی، سریاب II اور سریاب III، ہزارہ ٹاؤن، جائنٹ روڈ، ساتھ واسا، کرانی ایکسپریس، دلدار کاریز اور کالونی فیڈروں سے صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ کوئٹہ سٹی گرڈ کے انٹر کنیکٹر، کچاک گرڈ کے کچاک فیڈر سے صبح 9 بجے سے 12 بجے دن جبکہ مری آباد گرڈ کے طوغی روڈ اور شیخ ماندہ گرڈ کے چشمہ فیڈر سے صبح 10 بجے سے ایک بجے دن تک بجلی بند رہے گی۔ نیز اسی روز انڈسٹریل گرڈ کے سیٹلائٹ ٹاؤن ایکسپریس اور سریاب گرڈ کے جائنٹ روڈ، اولڈ جان محمد، انڈسٹریل فیڈروں سے صبح 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ مستونگ، منگچر خاران گرڈ سے صبح 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ علاوہ ازیں 18 جنوری کے روز 132 کے وی سریاب 1 لائن پر صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک کام کیلئے 50 میگاواٹ کی برقی قلت پیدا ہوگی نیز اسی روز 132 کے وی چھوٹرا اسٹیشن لائن پر دوپہر 2 بجے سے شام 6 بجے تک کام کے سلسلے میں تقریباً 40 میگاواٹ کی برقی قلت کو لوڈ مینجمنٹ سے پورا کیا جائے گا۔ اسی طرح 132 کے وی گوادر، گوادر انڈسٹریل، پسنی، پنجگور، ہوشاب گرڈ اسٹیشنز سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اس کے علاوہ 18 جنوری تا 5 فروری (روزانہ) تجھوشوری گرڈ اسٹیشن سے صبح 8:30 بجے تا شام 4:30 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے زحمت کے لئے متعلقہ صارفین سے معذرت کی ہے۔

شال بقیہ 20

ہے احساس پروگرام غیر سیاسی انداز میں چلایا جائے، سروے ڈیجیٹل انداز میں اور بغیر چارجز کیا جارہا ہے، سروے کے ذریعے اس پروگرام سے فائدہ اٹھانے والوں کا تعین کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ احساس کفالت ملک کے 41 شہروں تک پہنچ چکا اور 75 اضلاع میں سروے جاری ہے، پہلے فیز میں 25 اضلاع کے اندر شروع کیا گیا جبکہ 13 اضلاع میں شروع ہونا باقی ہے، اس دفعہ اساتذہ کی مدد سے ڈیجیٹل سروے کیا جائیگا۔ ضلع راولپنڈی میں احساس سروے پروگرام کا اجراء کیا جارہا ہے، راولپنڈی کی سات تحصیلوں میں احساس سروے 25 جنوری سے شروع ہوگا۔

شال بقیہ 21

ریسپیوڈرز رتجا گل نے پاکستان نیشنل پارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے جنرل سیکریٹری شاہ اللہ محسن سے گزشتہ روز اپنے دفتر میں ہونے والی ملاقات کے دوران کہی۔ اس موقع پر پناہ کے جنرل سیکریٹری شاہ اللہ محسن نے کہا کہ تمبا کوشی اور شوگری ڈرنکس دل کے علاوہ متعدد امراض کی ایک بڑی وجہ ہیں، مافیا نوجوان لڑکوں کے ساتھ ہماری نوجوان بچیوں کو بھی ٹارگٹ کر رہا ہے، تمباکو کی بھی طرح کی منشیات شروع کرنے کی جانب پہلا قدم ہے۔ شاہ اللہ محسن نے کہا کہ آپ کے عوام دوست اقدامات کو سراہاتے ہیں۔

شال بقیہ 22

تھا۔ اس واقعے میں تقریباً چوسو افراد زخمی ہوئے جن میں سے دو سو کی حالت نازک بتائی جارہی ہے جبکہ دو ہزار سے بھی زائد افراد بے گھر ہوگئے۔ ملک کی نیشنل ڈیزاسٹر مینیجمنٹ ایجنسی نے تصدیق کی کہ جزیرے پر ایک ہوٹل سمیت بہت سی عمارتیں زلزلے کے جھٹکوں سے گر کر پوری طرح تباہ ہوگئیں۔ زلزلے کے جھٹکے محسوس کرنے کے بعد ہزاروں افراد گھبرا کر اپنے گھروں سے باہر نکل آئے۔ انڈونیشیا کی ڈیزاسٹر ایجنسی کا کہنا تھا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سلسلہ وار متعدد زلزلے کے جھٹکے آتے رہے جس سے تین مقامات پر زمین کھسکنے کے واقعات پیش آئے اور بہت سے علاقوں میں بجلی کی سپلائی منقطع ہوگئی۔

شال بقیہ 23

رہنے دیتا ہے، ملا ریفرنس جسٹس سسٹم، جج کے تقرری کے ریفرنس، بچوں جنسی جرائم روکنے کیلئے ریفرنس کرنے کیلئے تیار ہیں۔ جمعہ کو سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے بابر اعوان نے کہا کہ کمیٹیاں پارلیمنٹ کا حصہ ہے، پارلیمنٹ سے الگ نہیں، پارلیمنٹ کی کمیٹیاں تمام حکام کو بلا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کوئی حکم جاری نہیں کرسکتی اور نہ ہی عدالت قانون بنا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں گیس کی دستیابی 66، بلوچستان میں 21، کے پی کے میں 9 اور پنجاب میں 3 فیصد ہے، سندھ میں 66 فیصد گیس پیدا ہوتی ہے مگر سپلائی صرف 34 فیصد دی جارہی ہے، بلوچستان کو صرف 9 فیصد فراہمی کی جاتی ہے، جس علاقے سے گیس نکلتا ہے اس علاقے کیلئے مینجمنٹ میں بھی حصہ ہونا چاہیے، اوگرا اور پھر اکے ذریعے مینجمنٹ کی جاتی ہے۔

شال بقیہ 24

پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے دفتر میں پارٹی کوئٹہ سٹی کے عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ نورالدین کاکڑ نے کہا کہ موجودہ نااہل اور سلیکٹڈ حکمرانوں نے ملک کی معیشت اور اداروں کو تباہ کرکے رکھ دیا پی ٹی آئی نے اقتدار میں آنے سے قبل عوام کو روزگار اور گھر دینے کے سبز باغ دکھائے اب عوام کو بے روزگار اور بے گھر کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے ہاتھوں عوام خودکشیاں کرنے پر مجبور ہوچکے ہیں لیکن حکمران سب اچھا کی رٹ لگائے ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 25

کوہلو میں غیر لائسنس کے میڈیکل سٹوں پر بھرتیوں کے خلاف آل پارٹیز اور قبائلی عمائدین کے اجلاس میں کیا ہے ڈی سی کوہلو کا مزید کہنا تھا کہ یہاں کے لوگوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے ہم یہاں بیٹھے ہوئے ہیں کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی میڈیکل سٹوں پر جن امیدواروں کے خلاف شکایتیں ہیں ان کے بھرتی کا عمل تحقیقات مکمل ہونے تک روک دینے کی ہدایت کی ہے اور جب تک تحقیقات مکمل نہیں ہونگے کسی کو میڈیکل سٹوں پر کوہلو کے لوگل سے بھرتی نہیں کیا جائے گا اس عمل کو مکمل ذمہ داری اور شفاف طریقے سے عمل کرنے کیلئے کوشاں ہوں کوہلو میں عوام کو بنیادی سہولیات دینے کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 26

وامان کی مجموعی صورتحال اور موسم کی وجہ سے مذکورہ مجنی الیکشن کو ملتوی کیا جائے جسے الیکشن کمیشن آف پاکستان نے قبول نہیں کیا اور حکم دیا ہے کہ مذکورہ الیکشن کے باقی مراحل طے شدہ شیڈول کے مطابق انجام دیئے جائیں اس کے علاوہ کورونا سے بچاؤ کے لئے احتیاطی تدابیر کو اختیار کرتے ہوئے الیکشن کو بروقت منعقد کرایا جائے۔

شال بقیہ 27

آسکانی نے پارٹی چیئرمین کو اپنے حلقوں کی صورتحال اور حکومت سندھ کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ شکارپور تاریخی طور علم و ادب و تمدن کا گہوارہ رہا ہے، شکارپور کو اپنا عروج واپس دلائیں گے۔ انہوں نے ک

سیاحت کا شعبہ سرمایہ کاری کے فروغ میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے، فرمان زرکون

بلوچستان میں دلکش مناظر، پہاڑ، ساحلی پٹی، برفانی علاقے، قدرتی پارکس، جنگلی اور آبی حیات پائی جاتی ہیں

بلوچستان پاکستان کے خوبصورت ترین سیاحتی مقامات کا اہم مرکز ہے، چیف ایگزیکٹو بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے سینیٹر انوار الحق کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے کہا ہے کہ سیاحت کا شعبہ سرمایہ کاری کے فروغ میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے، ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ جام کمال خان عالیانی کی قیادت میں صوبائی حکومت سیاحت کے فروغ کیلئے متعدد اقدامات کررہی ہے جبکہ بجٹ میں بھی اس مد میں خطیر رقم مختص کی گئی ہے، بلوچستان میں دلکش مناظر، پہاڑ، ساحلی پٹی، برفانی علاقے، قدرتی پارکس، جنگلی اور آبی حیات پائی جاتی ہیں۔ سیاحتی مراکز کو ترقی دینے کیلئے کئی اقدامات اٹھائے گئے ہیں، بلوچستان پاکستان کے خوبصورت ترین سیاحتی مقامات کا اہم مرکز ہے، دنیا کے دوسرے بڑے صنوبر (juniper) کے جنگلات زیارت بلوچستان میں پائے جاتے ہیں، بلوچستان میں دریافت ہونیوالی آثار قدیمہ میں سے مہرگڑھ کی بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت عوام کی ترقی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، عتیق الرحمن خان

سابقہ ادوار میں اقتدار میں رہنے والوں نے عوام کی ترقی وخوشحالی کی بجائے اپنے بینک بیلنس میں اضافہ کیا

ترقیاتی کاموں میں رکاوٹیں ڈالنے کی کوشش کررہی ہیں جس میں انہیں ناکامی کے سوا کچھ نہیں ملے گا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما عتیق الرحمن خان نے کہا ہے کہ سابقہ ادوار میں اقتدار میں رہنے والوں نے عوام کی ترقی و خوشحالی کی بجائے اپنے بینک بیلنس میں اضافہ کیا موجودہ حکومت عوام کی ترقی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے عوام کی جانب سے مسترد شدہ جماعتیں ترقیاتی کاموں میں رکاوٹیں ڈالنے کی کوشش کررہی ہیں جس میں انہیں ناکامی کے سوا کچھ نہیں ملے گا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت کے فنڈز سے جاری اسکیمیں مقررہ وقت پر مکمل ہونی چاہیں، کیپٹن (ر) فیاض علی

لورالائی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) فیاض علی نے گذشتہ روز سبزی منڈی لورالائی کا اچانک دورہ کیا انہوں نے سبزی منڈی کے تمام شعبوں کا تفصیلی دورہ کیا اور ریٹس معلوم کیے انہوں نے سبزی منڈی کے بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

چمن مذاق اڑانے پر نوجوان پر تشدد ملوث 10 اہلکار معطل

واقعہ میں ملوث 10 لیویز اہلکاروں کو مجرمانہ فعل کرنے پر معطل کرکے گرفتار کرلیا ہے

ملنگ نامی شخص نے تھانہ گزرگ پر مامور جوانوں پر کتے کی آوازیں کسی تھی جو کہ ایک غیر اخلاقی، غیر انسانی اور غیر قانونی فعل تھا

چمن (آن لائن) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں لیویز اہلکاروں کا مذاق اڑانے پر ایک نوجوان کو بدسلوکی اور تشدد کا نشانہ بر قائم مقام ڈپٹی کمشنر نے واقعہ میں ملوث 10 لیویز اہلکاروں کو معطل کرکے گرفتار کرلیا گیا ہے، اسسٹنٹ کمشنر ذکا اللہ درانی کے مطابق واقعہ چمن میں کوئٹہ چمن شاہراہ پر گزرگ چیک پوسٹ پر پیش آیا۔ جب وہاں سے گزرتے ہوئے نوجوان نے لیویز اہلکاروں کا مذاق اڑاتے ہوئے ان پر کتے کی آوازیں کسی تو بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

نصیر آباد کمشنر عابد سلیم قریشی ڈویژنل کوآرڈینیشن کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

عوام کو جتنا بھی زیادہ ہوسکے ریلف فراہم کیا جائے، ڈپٹی کمشنر لورالائی

صفائی نصف ایمان ہے ملک اور دنیا کے موجودہ حالات میں جاری ایس او پیز عملدرآمد کرنا ضروری ہے

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) فیاض علی نے گذشتہ روز سبزی منڈی لورالائی کا اچانک دورہ کیا انہوں نے سبزی منڈی کے تمام شعبوں کا تفصیلی دورہ کیا اور ریٹس سرکاری ریٹس کے مطابق ہونے چاہئیں انہوں نے کہا کہ صفائی نصف ایمان ہے ملک اور دنیا کے موجودہ حالات میں جاری ایس او پیز عملدرآمد بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

رکھا جائے اور ماسک کا استعمال لازمی کیا جائے اور سماجی فاصلہ بھی برقرار رکھا جائے عوام کو جتنا بھی زیادہ ہوسکے ریلف فراہم کیا جائے اور رئیس سرکاری ریٹس کے مطابق ہونے چاہئیں انہوں نے کہا کہ صفائی نصف ایمان ہے ملک اور دنیا کے موجودہ حالات میں جاری

قومیں تعلیم کی بدولت کامیابی حاصل کرتی ہیں، ڈپٹی کمشنر دکی عظیم کاکڑ

دنیا کا مستقبل تعلیم سے وابستہ ہے ہمیں چاہیے کہ ہم سب اپنے اپنے بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کریں

دکی (آن لائن) نئے تعینات ہونے والے ڈی سی ڈی ایس پی اور ٹان ٹیچنگ اسٹاف میں آرڈر تقسیم کرنے کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر آفس میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر دکی عظیم کاکڑ، ڈی ای او ایجوکیشن حبیب اللہ ملغانی، ڈی ایس پی محمد زبیر، دکی پریس کلب کے صدر اللہ نور ناصر اور دیگر نے 139 سی ٹی ایس پی اور 43 ٹان ٹیچنگ کامیاب امیدواروں میں ارڈر تقسیم کیے۔ تقریب سے ڈی سی عظیم کاکڑ، ڈی ای او ایجوکیشن حبیب اللہ ملغانی، تحصیل رہنما محمد اسلم ترین اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نئے تعینات ہونے والے اساتذہ ترویج تعلیم میں اپنا کردار ادا کرکے ہمارے بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان کے ایک تعزیتی اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان کے ایک تعزیتی اعلامیہ کے مطابق عبدالقادر ولد محمد یوسف (ٹی اینڈ اے/ایس۔18) سابقہ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر گوادر کے ناگہانی انتقال پر تعزیت کا اظہار اور دوران سروس ان کی خدمات کو سراہا گیا ہے۔ انہوں نے سوگواران سے تعزیت اور مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا بھی کی گئی ہے۔

حب شہر میں گیس کی پریشر میں کی مصنوعی بحران خلاف جے یو آئی لسبیلہ کا احتجاجی ریلی

کوئٹہ (آن لائن) حب شہر میں گیس کی پریشر میں کی مصنوعی بحران خلاف جے یو آئی لسبیلہ کا احتجاجی ریلی جمعیت علماء اسلام حب کے زیر اہتمام حب شہر میں گیس پریشر میں کمی کے ریلی نکالی گئی ریلی سیرت چوک پر آمد ہوا اور حب بازار میں گشت کرتے ہوئے سیرت چوک پر اختتام ہوا بعد ازاں جمعیت علماء اسلام نے سیرت چوک پر دھرنا دیا۔

روڈ حادثات پر قابو پانے اور مسافروں کی جان ومال کے تحفظ کے لئے موٹروے پولیس موثر حکمت عملی اپناری ہے، علی شیر جکھرانی

روجھڑی (نامہ نگار) روڈ حادثات پر قابو پانے اور مسافروں کی جان ومال کے تحفظ کے لئے موٹروے پولیس موثر حکمت عملی اپناری ہے، جس کے باعث روڈ حادثات میں مزید کمی ہورہی ہے، ان خیالات کا اظہار ڈی آئی جی موٹروے سندھ علی شیر جکھرانی نے ایک روزہ سیکرون سائٹ دزن بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

عوام میں مزید سکت نہیں کمر توڑ مہنگائی اب غریب عوام سے جینے کا حق چھین رہی ہے، مولانا خلیل احمد مخلص

قوم معاشی ترقی مہنگائی کی شکل وصورت تک دیکھ رہی ہے، مرکزی امیر جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا خلیل احمد مخلص، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی ودیگر نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو ملک میں عوام پر شب خون کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام میں مزید سکت نہیں کمر توڑ مہنگائی اب غریب عوام سے جینے کا حق چھین رہی ہے قوم معاشی ترقی مہنگائی کی شکل وصورت تک دیکھ رہی ہے انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

محکمہ بی آینڈ آر میں 2011 کو بھرتی ہونے والے 361 ملازمین کی برطرفی کسی صورت قبول نہیں

صوبائی حکومت کے اس اقدام سے 361 خاندانوں کے گھروں کا چولہا ٹھنڈا کردیا ہے، سردار محمد خان لہڑی

سبی (آن لائن) محکمہ بی آینڈ آر میں 2011 کو بھرتی ہونے والے 361 ملازمین کی برطرفی کسی صورت قبول نہیں، صوبے میں بے روزگاری عروج پر ہے، حکومت نئے بھرتیاں کرنے کے بجائے ملازمین کو ملازمتوں سے فارغ کررہے ہیں، سیکرٹری بی اینڈ آر بلوچستان اور صوبائی حکومت کا یہ اقدام مزدور دشمنی ہے جسے کسی صورت بھی برداشت نہیں کریں گے، صوبائی حکومت کے اس اقدام بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری ہے، عطاء اللہ بنگلزئی

بجلی چوری کرنے والوں کے میٹرز اتار کر کنکشن منقطع کردیے گئے ہیں

ہرنائی (آن لائن) ایس ڈی او کیسکو آپریشن سب ڈویژن ہرنائی عطاء اللہ بنگلزئی نے کہا کہ ضلع ہرنائی کی دونوں تحصیلوں شاہرگ وہرنائی میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری ہے جس کے نتیجے میں، سینکڑوں گھریلو، کمرشل، اور سرکاری اداروں کے بجلی کنکشن منقطع کرکے بعض نادہندگان اور بجلی چوری کرنے والوں کے میٹرز اتار کر کنکشن منقطع کردیے گئے ہیں بجلی چوروں کے خلاف جاری آپریشن کے دوران کیسکو بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

مختلف اضلاع کے اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر آفیسران تبدیل کردیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) مختلف اضلاع کے اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر آفیسران تبدیل کردیے گئے محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی سیکرٹری آئی پی ای اسماعیل ابراہیم کو سیکشن آفیسر کوئٹہ، عزیز الرحمن کو ایس اینڈ جی اے ڈی، محمد اسلیم کو اسسٹنٹ کمشنر چمن بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

محکمہ خوراک کے ملازمین کی غیر حاضری مزید برداشت نہیں کی جائیگی، اللہ نور کاکڑ

سرکاری گندم کی فراہمی اولین ترجیح ہے گندم ملتے ہی تقسیم شروع کردی جائیگی

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ کی زیر صدارت ضلعی کوٹہ کے تحت معیاری گندم کی دستیابی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں اسسٹنٹ فوڈ کمشنر اللہ نور کاکڑ، بیکی مالکان اور انجمن تاجران کے ضلعی صدر حبیب الرحمان ترین، ملک شاہ محمد ناصر اور دیگر نے شرکت بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

ہزارہ ٹاؤن میں بجلی کا بحران شدت اختیار کرگیا، سماجی کارکن کاشف حیدری

علاقے میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث مختلف علاقوں میں بجلی کی طویل بندش کا سلسلہ جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) سماجی کارکن کاشف حیدری نے کہا ہے کہ ہزارہ ٹاؤن میں بجلی کا بحران شدت اختیار کرگیا، علاقے میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث مختلف علاقوں میں بجلی کی طویل بندش کا سلسلہ جاری ہے، لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 8 گھنٹوں سے تجاوز کرگیا ہیں۔ بنیادی سہولیات بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

بی اے پی کی رہنما وسابق رکن صوبائی اسمبلی ثمینہ خان سینٹ انتخابات کیلئے اپنی درخواست جمع کرواری ہیں

کوہلو کے میڈیکل سیٹوں پر غیر لوکلز کی بھرتی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، ڈی سی کوہلو

کوہلو میں عوام کو بنیادی سہولیات دینے کے لئے ہر ممکن کوشش کررہے ہیں

کوہلو (خ ن) کوہلو کے میڈیکل سیٹوں پر غیر لوکلز کی بھرتی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اس عمل کو شفاف طریقے سے ہماری ٹیم جائزہ لے رہی ہے اولین ترجیح ہے کہ یہاں کے مقامی لوگوں کو حق ملے ان خیالات کا اظہار ڈی سی کوہلو ممتاز کھتران نے گزشتہ روز کوہلو میں غیر لوکلز کے میڈیکل سیٹوں پر بھرتیوں کے خلاف آل پارٹیز اور قبائلی عمائدین کے اجلاس میں کیا ہے ڈی سی کوہلو کا مزید کہنا تھا کہ یہاں کے لوگوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے ہم یہاں بیٹھے ہوئے ہیں کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی میڈیکل سیٹوں پر جن امیدواروں کے خلاف شکایتیں ہیں ان کے بھرتی کا مکمل تحقیقات مکمل ہونے تک روک دینے کی ہدایت کی ہے۔

الحاق عبدالقیوم کاکڑ کی کوئٹہ کی عوام کیلئے خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، غلام نبی مری

ہمیشہ مشکل حالات میں عوام کی خدمت کیلئے پیش پیش رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری نے سیاسی وسماجی رہنماء الحاج عبدالقیوم کاکڑ کی وفات پر بلوچستان بالخصوص کوئٹہ کی عوام کیلئے ایک بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ موصوف کی کوئٹہ کی عوام کیلئے خدمات، عوامی مسائل پر دوٹوک الفاظ میں موقف اور اس کے حل کیلئے جدوجہد سیاسی، سماجی اور قومی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ اپنے بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ خان زہری کے والد اور سانحہ مچھ میں شہید ہونیوالوں کیلئے فاتحہ خوانی کررہے ہیں

بلوچستان کے میڈیکل کالجز میں داخلوں کیلئے ضلعی میرٹ اور ڈومیسائل میرٹ سسٹم نافذ کیا جائے، فضل بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی، بلوچ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن، بلوچ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن پجار کے رہنماؤں حئی فضل بلوچ، حئی بلوچ اور دیگر نے بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

ملائیشیا میں پی آئی اے کے طیارے پر قبضہ ملک کی بڑی بدنامی ہے، شازیہ مری

حکومت کی طرف سے طیارے کے واجبات ادا نہ کرنا شرمناک ہے، سیکرٹری اطلاعات نیشنل پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری اطلاعات نیشنل پارٹی پارلیمنٹیرین شازیہ مری نے کہا ہے کہ ملائیشیا میں پی آئی اے کے طیارے پر قبضہ ملک کی بڑی بدنامی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کی طرف سے طیارے کے واجبات ادا نہ کرنا شرمناک ہے، ثابت ہو رہا ہے کہ نااہل بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

اگر وہ مین بریکر کو غلط طریقے سے آپریٹ کرنے پر پبلک آؤٹ ہوا، عمر ایوب

زرداری نے ٹین پرسنٹ بن کر عوام کا پیسہ لوٹا تھا، مسلم لیگ ن کی غلط پلاننگ کا خمیازہ 2023 تک بھگتیں گے

اپوزیشن کا عمر ایوب کے ریمارکس پر احتجاج، اجلاس پیر کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب نے کہا ہے کہ گدو میں بریکر کو غلط طریقے آپریٹ کرنے پر پبلک آؤٹ ہوا، پاکستان میں ایسا پہلی بار نہیں ہوا، سات بار پہلے بھی پبلک آؤٹ ہوا، بہت عرصے بعد پاکستان میں گیس بلاکس کے نئے ٹینڈر کھول رہے ہیں، زرداری نے ٹین پرسنٹ بن کر عوام کا پیسہ لوٹا تھا مسلم لیگ ن کی غلط پلاننگ کا خمیازہ 2023 تک بھگتیں گے، چلیے حساب ہورہے ہیں اور ہونگے۔ جمعہ کو سینٹ میں اظہار خیال کرتے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

کوئٹہ جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نواب ثناء اللہ خان زہری سے انکی والدہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے بلوچستان عوامی پارٹی کی رہنماء درچین مری ملاقات کررہی ہیں

شہروں کی صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھا جائے، کمشنر نصیر آباد ڈویژن

تمام اضلاع میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لئے جدید مشینری کی فراہمی ناگزیر بن چکی ہے

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی نے کہا ہے کہ شہروں کی صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھا جائے لوکل گورنمنٹ آفیسران عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہ چھوڑیں ڈویژن بھر کے تمام شہروں کی مختلف گلیوں محلوں مارکیٹوں میں صفائی کے لیے کوڑادان رکھے جائیں جہاں پر آبادی کی تناسب زیادہ ہوتا کہ عوام انہیں اپنے استعمال میں لا کر ایک جگہ پر بکھرا پھیلیں اور کوڑادان بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

معدنیات سے متعلق جو مسائل ہوں گے ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائینگے، عبدالسلام لہڑی

لورالائی، مرکنی، ژوب میں کمپیوٹرائزڈ کانٹا تعمیر کیا جارہا ہے جس سے عوام اور حکومت کو بہت فائدہ حاصل ہوگا

لورالائی (خ ن) ڈائریکٹر جنرل اینڈ ڈسٹرکٹ ریجنل آفس لورالائی کے انچارج عبدالسلام لہڑی نے اپنے آفسران سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ معدنیات سے متعلق جو مسائل ہوں گے ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے اور اگلی معدنیات کے حوالے سے لیبر کو شعور آگاہی دی جائیگی تاکہ وہ اس پر عمل کریں اور حادثات سے بچا سکیں اس موقع پر رائلٹی آفیسر سردار حبیب الرحمن لونی بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ لورالائی، مرکنی، ژوب میں کمپیوٹرائزڈ کانٹا تعمیر کیا جارہا ہے جس سے عوام اور حکومت کو بہت فائدہ حاصل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت لورالائی اور مرکنی کا کمپیوٹرائزڈ کانٹا پر 80% کام مکمل ہوچکا ہے جس کا جلد افتتاح ہوجائیگا۔ ژوب میں بھی کمپیوٹرائزڈ کانٹا پر جلد از جلد کام شروع کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

حلقہ انتخاب کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں، نور محمد دمڑ

حلقہ انتخاب کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں ہماری اولین ترجیح ہے

وفاقی وصوبائی پی ایس ڈی پیز میں شامل ترقیاتی اسکیموں کی تکمیل سے عوام کو سہولیات میسر آئیں گے، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

کوئٹہ صوبائی وزیر پی ایچ ای واسا حاجی نور محمد خان دمڑ سے رکن قومی اسمبلی احسان ریکی ملاقات کررہے ہیں

ہرنائی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع ہرنائی، زیارت، سنجاوی کے عوام کی تقدیر بدلنے کے لئے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لاکر عوام کی بہتری کے لئے ترقیاتی اسکیمات پر تیزی سے عمل درآمد جاری ہے حلقہ انتخاب کے عوامی مسائل پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں ہماری بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال صاحب احتجاج اور دھرنے کے بغیر مسائل کا حل نہیں چاہتے، شبیر احمد

سرانان (آن لائن) چیئرمین بلوچستان ہے وی ٹیچر فورم شبیر احمد نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال صاحب احتجاج اور دھرنے کے بغیر مسائل کا حل نہیں چاہتے خصوصاً محکمہ تعلیم پر بالکل بھی توجہ نہیں دے رہے ہے جب مسئلہ احتجاج اور دھرنہ دیے بغیر محکمہ تعلیم میں بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

ترقیاتی کاموں میں غیر مقامی ٹھیکیداروں کی مداخلت منظور نہیں

گنداوہ (نامہ نگار) ترقیاتی کاموں میں غیر مقامی ٹھیکیداروں کی مداخلت منظور نہیں غیر مقامی ٹھیکیداروں کو ٹینڈر کے عمل میں شامل نہ کیا جائے۔ مقامی ٹھیکیداروں کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق گنداوہ ضلع جھل مگسی کے مقامی بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکریٹری ممبر صوبائی اسمبلی نصر اللہ خان زیرے کا اظہار تشکر

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکریٹری ممبر صوبائی اسمبلی نصر اللہ خان زیرے اور شیلی کے دیگر ممبران نے تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین، پروفیسرز، سیاسی کارکنوں، قبائلی عمائدین، علماء کرام، سول آفیسران، سول سوسائٹی کے ممبران، وکلاء، ڈاکٹرز، انجینئرز اور طلباء کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا جنہوں نے پشتونخوا میپ بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

پاکستان میں اسقاط حمل کے طریقہ کار کو محفوظ بنانے کیلئے موثر قانونی سازی بہت ضروری ہے، عطاء الحق خدرزئی

جہاں قانونی رکاوٹیں نہ ہو وہاں بمشکل چار میں سے صرف ایک حمل غیر محفوظ طریقہ کار سے کیا جاتا ہے

کوئٹہ (پ ر) محفوظ حمل انسانی صحت کیلئے انتہائی ضروری ہے دنیا میں جہاں اسقاط حمل پر پابندی ہے وہاں چار میں سے صرف ایک حمل محفوظ ہے اور دس میں سے صرف ایک حمل غیر محفوظ ہے جہاں قانونی رکاوٹ نہیں ہے اسپیلائی پیپلز کی اشتراک سے یاد آرگنائزیشن نے حمل کو محفوظ بنانے کیلئے ایک آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف شعبہ فکر سے تعلق رکھنے والے خواتین وحضرات نے شرکت کی عطاء الحق خدرزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں اسقاط حمل کے طریقہ کار بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

چیف سردار لیاقت علی مرئی کا لاڑکانہ لیبر کالونی میں پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا

لیبر کالونی کی مرئی برادری کی طرف سے سردار لیاقت علی مرئی کو سردار منتخب ہونے پر دستار بندی کی گئی

گنداوہ: (نامہ نگار) چیف سردار لیاقت علی مرئی کا لاڑکانہ لیبر کالونی میں پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا، جبکہ حاجی ارباب مرئی، رئیس پچل مرئی، محمد بخش مرئی، شاہ مراد مرئی اور احمد نواز مرئی کی جانب سے سردار لیاقت علی مرئی کے اعزاز میں پر تکلف عشائیہ دیا گیا۔ اس موقع پر لاڑکانہ لیبر کالونی کی مرئی برادری کی طرف سردار لیاقت علی مرئی کو اپنی برادری کا سردار منتخب ہونے پر حاجی ارباب بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

اے جی آفس سبی کے سینئر آڈیٹر سبی کے مزدوروں کو بلاوجہ تنگ کررہے ہیں، عطاء اللہ مری

سبی (آن لائن) پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین سبی زون کے نائب صدر محمد رفیق کھوسو، چیئرمین عطاء اللہ مری، وائس چیئرمین رب نواز رند، جوائنٹ سیکرٹری صلاح کھوسو، فنانس سیکرٹری جہاں بلوچ، پریس سیکرٹری مولا بخش گورگیج، آفس سیکرٹری شہباز خان سیلانی نے اپنے مشترکہ بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

اساتذہ کرام کی فکری تربیت کے مجالس وکانفرنس کا انعقاد تنظیم اساتذہ کے دستور کا حصہ ہے، صادق جان

موجودہ حکومت نے اساتذہ سمیت سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ کرکے ملازمین کو نان شبینہ کا محتاج بنایا

نصیر آباد (نامہ نگار) تنظیم اساتذہ پاکستان کے مرکزی صدر صاحبزادہ صادق جان نے ڈیرہ مراد جمالی میں استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت نے اساتذہ سمیت سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ کرکے ملازمین کو نان شبینہ کا محتاج بنایا۔ ڈالر اور سونے کی قیمتیں تو کئی سے زیادہ ہوگئی لیکن سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں مہنگائی کے تناسب سے اضافہ نہیں کیا گیا۔ پاکستان بھر کے ملازمین کے مطالبات اگر حکومت نے اکتیس جنوری تک منظور نہ کیے تو فروری میں آل بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

جمعیت نظریاتی کے قیادت نے پاکستان کے دورے جمعیت نظریاتی سے خلاف بوکھلاہٹ کا شکار ہوگئے، مفتی محمد ناصر مینگل

منگچر (نامہ نگار) جمعیت نظریاتی کے قیادت نے پاکستان کے دورہ سے جمعیت نظریاتی سے خلاف بوکھلاہٹ کا شکار ہوگئے مولانا منیر احمد نیچاری مولانا عبدالقادر لونی صاحب جمعیت نظریاتی کارکنوں کے دل دھڑکن بن چکے ہیں ڈی ایم اے نے اقتدار کے خاطر اکٹھے ہوگئے جمعیت علماء اسلام نظریاتی نے ان کے سیاست کو دفن کردیا مفتی محمد ناصر مینگل نے مختلف ضلع کے عہدداروں سے فون پر بات چیت کرتی ہوئی کہا کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں منشیات کے بھرمار سے نئی نسل تباہ ہورہی ہے، مولانا قاری مہر اللہ

بندوق کی نوک پر پولیو کے قطرے پلانے والی حکومت معاشرے سے اس ناسور کو ختم نہیں کرسکتے

منشیات کی لعنت سے معاشرے والدین زندہ ہونے کی باوجود یتیم ہورہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، نائب امیر حاجی محمد علی ناظم، دوم ہزار خان اچکزئی سیکرٹری مالیات حاجی محمد نور، اخونزادہ، ڈپٹی مالیات سید منور آغا مفتی احمد، عبدالغفور کاکڑ، سالار مولوی محمد صادق، ڈپٹی سالار حاجی ممتاز، معاون سالار حاجی منہاج الدین نے کہا کہ کوئٹہ میں منشیات کے بھرمار سے نئی نسل تباہ ہورہی ہے بندوق کی نوک پر پولیو کے قطرے پلانے والی حکومت معاشرے سے اس ناسور کو ختم نہیں کرسکتے بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

PDM پنڈی کی جانب لانگ مارچ لیڈر بھکی ہے، حاجی حسین احمد

سینٹ اور ضمنی الیکشن میں حصہ نہ لینے کے موقف پر ڈٹے رہنے والے ڈھیر ہوگئے

پی ڈی ایم کی دیگر جماعتوں کے بعد مولانا فضل الرحمن کی پارٹی نے بھی ضمنی الیکشن میں حصہ لینے کا فیصلہ کرہی لیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سینئر رہنما سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ سینٹ اور ضمنی الیکشن میں حصہ نہ لینے کے موقف پر ڈٹے رہنے والے ڈھیر ہوگئے، پی ڈی ایم کی دیگر جماعتوں کے بعد مولانا فضل الرحمن کی پارٹی نے بھی ضمنی الیکشن میں حصہ لینے کا فیصلہ کرہی لیا، آزادی مارچ کی طرح مسلم لیگ نواز اور پیپلز پارٹی نے ایک بار پھر دھوکا دیا جس کی میں نے پیشگوئی کردی بقیہ نمبر 38 صفحہ